مولانا عتیق الرحمن عثمانیؒ اور مولانا سعید احمد اکبرآبادیؒ کی زیر ادارت ندوۃ المصنفین، دہلی کے دینی، علمی و تحقیقی ماہنامہ برہان کے ۶۳ سالوں میں شائع ہونے والے شماروں کے ہزاروں مقالات و نگارشات اور تبصرہ کتب کا موضوع وار و مصنف وار اشاریہ

اشاریہ ماہنامہ برہان دہلی

[جلد ۱ شمارہ ۱ تا جلد ۱۲۸ شمارہ ۴............جولائی ۱۹۳۸ء تا اپریل ۲۰۰۱ء]

موضوع وار، مصنف وار

محمد شاہد حنیف

اوراق پارینہ پبلشرز، لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب: اشاریہ ماہنامہ برہان [جلد ۱ تا ۱۲۸ (جولائی ۱۹۳۸ء تا اپریل ۲۰۰۱ء)]

مرتب: محمد شاہد حنیف، انچارج شعبہ رسائل و جرائد، ماہنامہ محدث ماڈل ٹاؤن، لاہور
mshanif2010@gmail.com، 0333-4128743

نظر ثانی: سمیع الرحمٰن

کمپوزنگ: محمد یونس لطیف

ناشر: اوراقِ پارینہ پبلشرز، لاہور

ملنے کا پتا: کتاب سرائے، اُردو بازار، لاہور
فضلی سنز، اُردو بازار، کراچی
بک کارنر، جہلم

قیمت: ۸۰۰ روپے

ترتیب

انتساب+اظہار تشکر		ix
ماہنامہ برہان اشاریہ میں	ڈاکٹر انوار احمد بگوی	xi
مقدمہ: ماہنامہ برہان اور اُس کا اشاریہ	پروفیسر محمد انس حسان	xv
اشاریہ برہان اور فاضل مرتب	ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس	xxi
اشاریہ ماہنامہ برہان	پروفیسر شبیر حسین زاہد	xxi
عرضِ مرتب: کچھ اشاریہ کے بارے میں	محمد شاہد حنیف	xxiii
ماہنامہ برہان ماہ و سال کے آئینے میں [رپورٹ]	محمد زاہد حنیف	xv
موضوع وار اشاریہ	محمد شاہد حنیف	۱۵تا۳۱۶
مصنف وار اشاریہ	// //	۳۱۷تا۳۷۱
چند اشاریے: مختصر تعارف		۶۳، ۶۷، ۹۳، ۹۵، ۱۱۳، ۳۷۲

فہرست موضوعات

قرآن و علومِ قرآن

نزول قرآن اور وحی	۵۱
اعجاز القرآن	۵۱
جمع و تدوین قرآن	۵۲
فہم قرآن	۵۲
قصص القرآن	۵۲
تفسیر و اُصول تفسیر	۵۳
تفسیر سورہ و آیات	۵۳
تعارف تفاسیر	
تفسیر ترجمان القرآن	۵۳
تفسیرِ فراہیؒ	۵۴
تفسیرِ ماجدیؒ	۵۴
متفرق تفاسیر	۵۴
تراجمِ قرآن	۵۵
اشاریے و لغات القرآن	۵۶
قرآن نمبر	۵۶
قرآنیات	۵۷

حدیث و علومِ حدیث

تدوین و اُصول حدیث	۵۹

کتابیات حدیث ۶۰
صحاح ستہ اور ان کی شروح ۶۰
مشکوٰۃ المصابیح ۶۱
دیگر کتب حدیث ۶۲
منکرین حدیث و متجددین ۶۳

ایمان و عقائد

توحید ۶۴
ایمان بالرسالت ۶۵
تقدیر، آخرت اور اسلام ۶۵
تخلیق کائنات ۶۶

فقہ و اجتہاد

فقہ: تاریخ و تدوین ۶۸
فتویٰ ۶۹
فقہی اختلافات و مسالک ۶۹
فقہی مسائل
تصوف ۷۰
رویتِ ہلال ۷۲
زمین، زراعت اور زمینداری ۷۲
شراب ۷۳
فنونِ لطیفہ و کھیل ۷۳
مساجد: تاریخ و مسائل ۷۴
وراثت ۷۴
متفرق فقہی مسائل ۷۴
اجتہاد و تقلید ۷۶

عبادات

فلسفۂ عبادت ۷۷
نماز ۷۷
زکوٰۃ و عشر ۷۸
رمضان المبارک ۷۸
حج، قربانی و عیدین ۷۹
جہاد ۷۹
دُعا و اذکار ۷۹

اسلام کا معاشرتی نظام

عائلی نظام ۸۰
خاندانی منصوبہ بندی ۸۱
مسلم پرسنل لا ۸۱
گوشۂ خواتین ۸۲
گوشۂ اطفال ۸۳
اخلاقیات و سماجی مسائل ۸۳

تعلیم و تعلم اور دینی مدارس

تعلیم و تعلم ۸۶
تعلیمی سوسائیٹاں و کانفرنس ۸۸
مدارس: نظام و نصاز ۸۹
جامعہ ملیہ اسلامیہ ۸۹
دارالعلوم دیوبند ۸۹
مسلم یونیورسٹی، علیگڑھ ۹۱
ندوۃ العلما، لکھنؤ ۹۲
متفرق مدارس ۹۳

دعوت و تبلیغ اور تزکیۂ نفس

۹۴

اسلام اور سیاسیات

اسلام: امتیازات و جامعیت ۹۶
سیاسی مسائل ۹۷
مسئلہ قومیت ۱۰۰
سوشلزم، مارکسزم و اشتراکیت
اسلام اور غیر مسلم ۱۰۱

اسلام اور اقتصادیات

معاشی مسائل ۱۰۲
سود اور بینکنگ نظام ۱۰۳

اسلام کا نظامِ قضا ۱۰۴

طب و سائنس

طب ۱۰۵
سائنس ۱۰۶

اسلام اور مغرب

اسلام اور امن عالم ۱۰۹
اسلام اور مستشرقین ۱۰۹
انسانی حقوق اور اقلیتیں ۱۱۰
تہذیب و تمدن: تقابلی جائزہ ۱۱۱

عالمِ اسلام و عالمِ مغرب

اُمت مسلمہ اور عصر حاضر ۱۱۴
عالمی صورت حال ۱۱۷
ممالک (بترتیب حروف تہجی)

ایٹریا، اڑیسہ ۱۱۷
اسپین ۱۱۷
افریقا ۱۱۸
افغانستان ۱۱۸
الجزائر ۱۱۸
امریکا ۱۱۸
اُندلس ۱۱۹
انڈونیشیا ۱۱۹
ایران ۱۱۹
بحرِ رُوم ۱۲۰
برطانیہ ۱۲۰
برما، بنگال ۱۲۱
بنگلہ دیش ۱۲۱
بوسینیا ۱۲۱
پاکستان ۱۲۱
ترکی ۱۲۲
تیونس ۱۲۳
جاپان ۱۲۳
چین ۱۲۳
دمشق ۱۲۴
رُوس و مسلم ریاستیں ۱۲۴
سعودی عرب ۱۲۴
سوڈان و شام ۱۲۵
عراق ۱۲۵
تاریخ عرب ۱۲۶
فارس، فرانس ۱۲۷
فلسطین ۱۲۷
کشمیر ۱۲۸
کوریا ۱۲۹
کینیا ۱۲۹
لیبیا ۱۲۹
مصر ۱۲۹
ملیشیا ۱۳۰
ہندوستان
☆☆☆ مسلمانوں کی حالتِ زار ۱۳۱

☆☆☆ مسلم کش فسادات ۱۳۲
☆☆☆ سانحہ بابری مسجد ودیگر مساجد ۱۳۴
☆☆☆ بجٹ اور مہنگائی ۱۳۵
☆☆☆ تصویر وطن (ہندوستانی واقعات) ۱۳۵
یمن ۱۴۲
یونان ۱۴۲
یورپ ۱۴۲

فرق و ادیان

مکالمہ بین المذاہب ۱۴۳
بوھریت ۱۴۳
بہائیت ۱۴۳
خوارج ۱۴۳
شیعہ ۱۴۴
عیسائیت ۱۴۴
قادیانیت ۱۴۵
معتزلہ ۱۴۵
متفرق فرقے ۱۴۵
ہندو مذہب و تہذیب ۱۴۵
یہودیت ۱۴۶

سیر و سوانح

عظمت انبیاء کرام علیہم السلام ۱۴۷
سیّدنا آدم علیہ السلام اور تخلیق انسان ۱۴۷
سیّدنا نوح علیہ السلام ۱۴۷
سیّدنا ابراھیم علیہ السلام اور ذبیح اللہ ۱۴۷
سیّدنا یوسف علیہ السلام اور واقعہ زلیخا ۱۴۸
سیّدنا موسیٰ علیہ السلام اور واقعہ فرعون ۱۴۸
دیگر انبیاء کرام علیہم السلام ۱۴۸
سیرت النبی ﷺ ۱۴۸

خلافت راشدہ

خلافتِ راشدہ: عمومی جائزہ ۱۵۴
سیّدنا ابوبکر صدیقؓ ۱۵۴
سیّدنا عمر فاروقؓ ۱۵۵
سیّدنا عثمان غنیؓ ۱۵۵
سیّدنا علی المرتضیٰؓ ۱۵۶
عظمت و سیرت صحابہ کرامؓ ۱۵۶
سیّدنا حسنینؓ، سیّدنا معاویہؓ اور ......واقعہ کربلا ۱۵۷
تذکرۂ صحابیات و دیگر مؤمنات ۱۵۸

ائمہ و محدثین کرام

امام ابن تیمیہؒ ۱۵۹
امام ابن جوزیؒ ۱۵۹
امام ابن حزمؒ ۱۵۹
ابن قتیبہؒ، ابن کثیرؒ، ابن ماجہؒ ۱۵۹
امام ابوحنیفہؒ ۱۵۹
امام ابوداؤدؒ -- امام طحاویؒ ۱۶۰
امام غزالیؒ ۱۶۰
امام مالکؒ -- امام نسائیؒ ۱۶۰

شخصیات

مولانا ابوالکلام آزادؒ ۱۶۱
مولانا اشرف علی تھانویؒ ۱۶۳
علامہ محمد اقبالؒ ۱۶۳
اکبر الہ آبادیؒ ۱۶۷
مولانا انور شاہ کاشمیریؒ ۱۶۸

اورنگ زیب عالمگیرؒ ۱۶۸
شیخ بوعلی سیناؒ ۱۶۸
مولانا جلال الدین رومیؒ ۱۶۹
مولانا حسرت موہانیؒ ۱۶۹
مولانا حسین احمد مدنیؒ ۱۷۰
مولانا حفظ الرحمٰن سیوہارویؒ ۱۷۰
شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ ۱۷۱
سر سید احمد خاں ۱۷۱
مولانا سعید احمد اکبرآبادیؒ ۱۷۱
مولانا سید سلیمان ندویؒ ۱۷۳
سیدین (سید احمد شہیدؒ و شاہ اسماعیل شہیدؒ) ۱۷۳
شاہ ولی اللہ دہلویؒ و شاہ عبدالعزیزؒ ۱۷۴
علامہ شبلی نعمانیؒ ۱۷۵
علامہ شبیر احمد عثمانیؒ ۱۷۵
مولانا قاری محمد طیبؒ ۱۷۵
مولانا ظفر علی خاںؒ ۱۷۵
مولانا عبدالحق محدث دہلویؒ ۱۷۶
مولوی عبدالحق، بابائے اُردوؒ ۱۷۶
مولانا عبدالماجد دریابادیؒ ۱۷۶
مولانا عبیداللہ سندھیؒ ۱۷۷
مولانا عتیق الرحمٰن عثمانیؒ ۱۷۷
مرزا غالبؒ ۱۸۲
مجدد الف ثانیؒ ۱۸۴
مولانا محمد علی جوہرؒ ۱۸۴
سلطان محمود غزنویؒ ۱۸۴
خواجہ معین الدین چشتیؒ ۱۸۵
مولانا مناظر احسن گیلانیؒ ۱۸۵
نجیب الرحمٰن عثمانیؒ ۱۸۵
متفرق شخصیات (بترتیب حروف تہجی) ۱۸۶

سفرنامے

سفرنامۂ افریقا ۲۱۷
سفرنامۂ ایران و عراق ۲۱۷
سفرنامۂ پاک و ہند ۲۱۷
سفرنامۂ جاپان ۲۱۸
سفرنامۂ حجاز ۲۱۸
سفرنامۂ روس ۲۱۹
سفرنامۂ یورپ و دیگر مغربی ممالک ۲۱۹
دیگر سفرنامے ۲۲۰
مکتوبات ۲۲۰
نومسلم (ہم نے کیوں اسلام قبول کیا؟) ۲۲۲
تذکرے: علماءِ کرام کی ذمہ داریاں ۲۲۳
تذکرۂ خواتین ۲۲۹

تاریخ

تاریخ نگاری ۲۳۰
تاریخ اسلام ۲۳۰
جنگ عظیم ۲۳۴
تاریخ برصغیر پاک و ھند ۲۳۴
تاریخ مغلیہ ۲۳۴
بلاد ھند
سندھ ۲۳۶
دہلی ۲۳۶
دیگر علاقے ۲۳۶
تاریخ و تحریک آزادی ھند ۲۳۷

ادارے/جماعتیں

جماعت اسلامی ۲۳۲
جمعیت علماء ہند ۲۳۲
دار المصنفین، دہلی ۲۳۳
ندوۃ المصنفین ۲۳۳
متفرق ادارے (بترتیب حروف تہجی) ۲۳۴

صحافت اور ذرائع ابلاغ

صحافت: عمومی جائزہ ۲۳۶
ماہنامہ برہان، دہلی ۲۳۶
دیگر رسائل و جرائد ۲۴۷
رسائل و جرائد کے خاص نمبر ۲۵۲

شعر و ادب اور لسانیات

شاعری

شاعری: تاریخ وفن ۲۵۴
غزل نگاری ۲۵۵
عربی شاعری ۲۵۵
فارسی شاعری ۲۵۶
دیوان وکلیات ۲۵۶

منظومات

حمدیں ۲۶۱
نعتیں ۲۶۱
غزلیات ۲۶۲
نظمیں ۲۷۵
رُباعیات ۲۸۶
قطعات ۲۸۶
مثنویات ۲۸۷
قصائد ۲۸۸
گیت ۲۸۸

ادبیات

أدب: تاریخ وارتقا ۲۸۸
افسانے ۲۹۰
ڈرامے ۲۹۲
کہانیاں ۲۹۲
ناول ۲۹۲

لسانیات

أردو: تاریخ وارتقا ۲۹۳
أردو اور تنقید نگاری ۲۹۶
عربی: تاریخ وارتقا ۲۹۷
فارسی ۲۹۹
متفرق زبانیں ۳۰۰
لغات ۳۰۰

متفرقات

کتابیں ۳۰۱
مخطوطات ۳۰۲
کتب خانے ۳۰۳
شئون علمیہ [مختصر علمی خبریں] ۳۰۴
مقالات و خطبات ۳۰۴
فلسفہ و منطق اور علم الکلام ۳۰۷
نفسیات و خواب ۳۰۸
حیوانات و نباتات ۳۰۹
فن تعمیر ۳۰۹
متفرق مقالات ۳۱۰
متفرق تبصرہ کتب ۳۱۳

مصنف وار اشاریہ

مصنف وار اشاریہ ۳۱۷

انتساب

محترم جناب سلیم منصور خالد ☆

کے نام

☆ دانش ور، محقق اور ماہر تعلیم

اظہارِ تشکر

مَنْ لَّمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللّٰهَ

جناب ڈاکٹر حافظ حسن مدنی
مدیر ماہنامہ محدث، لیکچرر پنجاب یونیورسٹی، لاہور

جناب ضیاء اللہ کھوکھر
علم دوست و مہتمم اعلیٰ عبدالمجید کھوکھر یادگار لائبریری، گوجرانوالہ

جناب صاحبزادہ ڈاکٹر انوار احمد بگوی
سرپرست ماہنامہ شمس الاسلام و جامعہ بگویہ، بھیرہ

جناب مولانا عبدالحنان جانباز
مہتمم اعلیٰ جامعہ رحمانیہ، سیالکوٹ

جناب ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس
چیئرمین شعبہ علومِ اسلامیہ، جی سی یونیورسٹی فیصل آباد

جناب محمد نعیم
انچارج مرکزی لائبریری، جی سی یونیورسٹی، لاہور

جناب محمد انس حسان
لیکچرر گورنمنٹ کالج، جہانیاں، ساہیوال

جناب ملک نواز احمد اعوان
تبصرہ نگار ہفت روزہ فرائیڈے اسپیشل، کراچی

جناب محمد اصغر
لائبریرین اسلامک ریسرچ کونسل (ماہنامہ محدث)، لاہور

جناب محمد راشد شیخ
محقق، مصنف (کراچی)

جناب محمد یونس
لائبریرین ادارہ معارف اسلامی، منصورہ، لاہور

ماہنامہ برہان "اشاریے" میں

از قلم: صاحبزادہ ڈاکٹر انوار احمد بگوی
سرپرست ماہنامہ شمس الاسلام و جامعہ بگویہ، بھیرہ

تصنیف و تالیف کا فن بنو اُمیہ کے مبارک دور سے مسلمان اہل علم کو بہت مرغوب رہا ہے۔ قرطاس وقلم کے ساتھ یہ لگن بنو عباس کے سنہری زمانے میں بامِ عروج تک پہنچی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ کسی زمانے میں اور دنیا میں کسی بھی سرزمین پر مسلمان علماء ابلاغ و اظہار میں قلمی خدمات سے نچنت نہیں رہے۔ حکایاتِ خون چکاں کی نوشت میں ہر چند اُن کے ہاتھ قلم اور اُن کی قلم تھامنے والی انگلیاں مجروح ہوئیں مگر وہ قلمکار اپنے فرائض لوح وقلم سرانجام دیتے رہے۔ ان خدمات کی وسعت اور ہمہ گیری کا کچھ اندازہ مولانا مناظر احسن گیلانی کی کتاب مسلمانوں کا نظام تعلیم و تربیت کے مطالعے سے ہوتا ہے۔

یہ تاریخ کا المیہ ہے کہ مسلم اہل علم کی لکھی ہوئی کتابوں کو محفوظ رکھنے کی سائنسی تدابیر میسر نہ آسکیں چنانچہ قلمی مخطوطات اور تحریری کتابوں کا ایک بڑا حصہ مسلمانوں کے باہمی خلفشار، نااتفاقی، فرقہ بازی اور خانہ جنگی کے باعث اور بیرونی مسلم اور غیر مسلم حملہ آوروں کے ہاتھوں جل کر یا دریا برد ہو کر تباہ ہوا۔ اس علمی اثاثے کا ایک نمایاں حصہ تمام بلادِ اسلامیہ سے غیر ملکی قابضوں، گورے قزاقوں اور یورپی غاصبوں کے ہاتھوں برلن، پیرس اور لندن کے عجائب گھروں اور کتب خانوں کی زینت بن گیا۔ رہا سہا سرمایہ علماء کی ناخلف اور کم علم اولادوں نے دیمک اور کباڑیوں کی نظر کر دیا۔ برصغیر میں درسی اور علمی کتابوں کو بچانے اور چھاپنے کا سہرا کول کتہ (کلکتہ) کے فورٹ ولیم کالج کے بانی انگریز عالم کو جاتا ہے جس نے مختلف مذاہب کے ہندوستانی عالموں اور فاضلوں کے قلمی مخطوطات کو شائع کرنے کا سلسلہ شروع کیا۔ بلاشبہ یہ اقدام ہندوستان کی علمی تاریخ کا ایک اہم سنگِ میل ہے۔

مغرب سے جو مفید اور کارآمد علوم وفنون مشرق میں پہنچے اُن میں تحقیق وترقی یا تلاش وارتقاء کا جدید فکر بھی شامل ہے۔ مشرق بالخصوص عالم اسلام ایک طویل مدت تحقیق وترقی کے معاملے میں گہرے جمود اور سکوت کا شکار رہا ہے۔ جمال الدین افغانی، محمد عبدہ، عبیداللہ سندھی، علامہ محمد اقبال اور دیگر مفکرین نے اسی کمزوری کی بار بار نشاندہی کی

ہے۔فقہ جیسے روزمرہ کے معاملات میں کوئی طبقہ جدید تقاضوں اور قرآن کی تعلیمات کی روشنی میں تحقیق نہیں کرتا۔ہماری تاریخ اور تصوف پر نسبی تعصب اور شیعی الٰہیات کا پرچھاواں ہے جہاں حقیقت کی تلاش اور صداقت کا بیان شجر ممنوعہ ہے۔اس کے برعکس مغرب اور مشرق بعید کے مشینی اور آوارہ فکر میں یہ امر ضرور قابل ستائش ہے کہ وہاں مادی اور ذہنی دونوں جہات سے وقت کا دھارا رُکا ہوا اور جما ہوا نہیں ہے بلکہ ترقی،تحقیق اور تبدیلی کا عمل،فطرت کے تقاضوں کے تحت،مسلسل جاری ہے۔

مغرب نے آگے بڑھنے کے عمل کو یوں تقویت دی ہے کہ پچھلے سارے علمی،فنی اور تحقیقی اثاثوں کو جدید کمپیوٹر ٹیکنالوجی کے ذریعے محفوظ،مدون اور منضبط کردیا ہے۔اس کام میں انٹرنیٹ کے سرچ انجن،دوائر معارف علمیہ اور کتابیات وانڈیکس کے آلات (Tools) شامل ہیں۔

علمی کتابوں، رسالوں اور تحریروں کو محفوظ کرنے کا ایک جدید طریقہ یہ بھی ہے کہ اُن کے تمام مندرجات کو اُن کے عناوین کے مطابق اشاریہ سازی کے ذریعے مدون کردیا جائے۔اس طریقہ سے تمام مطبوعہ مواد تک فوری اور سیدھی رسائی آسان ہوجاتی ہے۔عنوان اور موضوع کے لحاظ سے مواد ترتیب وار، ایک نظم اور ایک سلیقہ سے مرتب ہوجاتا ہے۔تحقیق وتلاش کے لیے کتابوں اور رسالوں کے ڈھیر میں سے سوئی کی تلاش کی بجائے اشاریہ کی مقناطیسی مدد سے گوہر مقصود آناً فاناً مل جاتا ہے۔یہ ''سرخ لائٹ'' مصنف ومولف کے نام،اشاعت کے سال مہینہ،موضوع اور اُس کے تحت مضمون، رسالے کے صفحات اور دیگر علامات کی مدد سے اپنا مطلوبہ ہدف تلاش کرسکتا ہے۔اشاریہ دستیاب نہ ہو تو مضمون یا مضمون نگار کو ڈھونڈنے کا یہ کام گھنٹوں اور دنوں میں شاید ممکن نہ ہوسکے۔گویا سالہا سال کی مدت اور صدہا شماروں اور ہزاروں صفحوں میں منتشر معلومات کو اشاریہ کی کتاب میں چند منٹوں میں ڈھونڈا جاسکتا ہے۔ یہی ذخیرہ کمپیوٹر یا USB میں ہو تو ایک کلک کے فاصلے پر مل جاتا ہے۔

قدیم رسالوں کی اشاریہ سازی سہل نہیں ہے۔یہ اصل میں دماغ سوزی اور باریک بینی کا کام ہے۔بکھرے موتیوں کو اُن کے رنگ،روپ اور سائز کے مطابق ایک لڑی میں پرونا کارے دارد۔ درویش اس مشق قرطاس سے گذرا ہے جب ماہنامہ شمس الاسلام بھیرہ کا نوے سالہ اشاریہ بدست خود قلم سے مرتب کیا تھا۔تب جانا کہ یہ راہ کتنی کٹھن اور کیسی صبر آزما ہوتی ہے۔کوہکن کی طرح ''رسوم وقیود کی پابندی'' لازم ہوتی ہے اور اسی لیے ''تیشہ تیز'' نہیں چلتا۔اکثر مضامین کے صحیح موضوع بلکہ بعض اوقات ذیلی عناوین کا تعین غور طلب ہوتا ہے خصوصاً جب پرانے قلمکاروں کے بلاعنوان یا تقریری مضامین کو صحیح مقام پر رکھنا مطلوب ہو۔اس محنت کے باوجود میں محسوس کرتا ہوں کہ شاہد حنیف صاحب کا کام اپنے نتیجہ کے اعتبار سے بہت مفید، پروفیشنل اور جدید اُسلوب سے خصوصی طور سے مزین ہے۔

عزیزم شاہد حنیف صاحب خوش قسمت ہیں کہ کالج اور دینی تعلیم حاصل کرنے کے بعد ایک علمی و تحقیقی ادارے سے منسلک ہوگئے۔محنت، دیانت اور شوق ان کا سرمایہ ہے۔وہ اشاریہ سازی کی طرف متوجہ ہوگئے اور پھر کام میں

ایسے کھب گئے کہ آج شاہد حنیف اشاریہ سازی کے فن میں خود ایک ''اشارہ بن'' چکے ہیں! شاہد حنیف خوش قسمت ہیں کہ انھیں پچھلی صدی کے علمی اور مذہبی رسالوں کا مطبوعہ اور ''قابلِ خوائد'' (Readible) مل رہا ہے۔ شوق اور محنت اُن کے پاس موجود ہے یہی وجہ ہے کہ وہ پہلے مخفی خزانہ تلاش کرتے ہیں۔ اپنے طے شدہ طریقے اور اسلوب کے مطابق نمونے کا کام کرتے ہیں۔ پھر نشاندہی کے لیے رسالے کے مالکوں/مدیروں کو توجہ دلاتے ہیں تب کہیں جا کر جوت سے جوت اور دیے سے دیا جلتا ہے اور یوں شعلہ شوق بھڑک اُٹھتا ہے۔ اس مشق کے نتیجے میں جو علمی اثاثہ بصورت اشاریہ اُن کے ہاتھوں سے مدوّن ہو کر چھپ چکا ہے اور اس وقت اہلِ تحقیق اور اہلِ علم کی مدد کر رہا ہے اس کی فہرست اشاریہ ہذا [برہان] کے آخر میں درج ہے۔

کمپوزنگ ایک فنی شعبہ ہے، لیکن اشاریہ سازی میں اس کا کردار اور اہمیت بہت زیادہ ہے اور جب اشاریہ سازی میں مہارت کے علاوہ کمپوزنگ میں بھرپور صلاحیت کے ساتھ ساتھ، اپنے کام سے محبت اور محنت شامل ہو جائے تو لگن، انکسار اور Persuance سے ''شاہد حنیف'' بن جاتا ہے۔ اب وہ پاکستان میں اشاریہ سازی کا ایک دبستان ہے جو اس فن کو خوب سے خوب تر کی طرف لے جا رہا ہے۔ برصغیر کے مقتدر رسائل کے بعد برصغیر کے ممتاز علمی، دینی اور تحقیقی مجلّہ ماہنامہ برہان دہلی کے قیام سے آخری شمارے تک کا جامع اور مکمل اشاریہ بھی انھی کا شاہکار اور عظیم کارنامہ آپ کے ہاتھوں میں ہے جو کہ شاہد حنیف کا اعزاز بھی ہے اور اُن کی سعادت بھی۔ [ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ]

بیسویں صدی کا آغاز برصغیر کی اقوام میں علمی اور سیاسی بیداری سے ہوا۔ ایک طرف سیاسی زعماء میں انگریز سے مزید حقوق و مراعات حاصل کرنے اور اپنی جمعیت کو متحد کرنے کا جذبہ پیدا ہوا تو دوسری جانب متعدد تعلیمی، علمی اور تحقیقی ادارے معرضِ وجود میں آئے۔ بدلے ہوئے ماحول اور شعور و ادراک کے باعث ایسے اہلِ علم و تربیت سامنے آنے لگے جو پہلے کلاسیکی مدارس میں تعلیم پانے کے بعد پھر انگریزی زبان کی تحصیل پر مائل ہوئے۔ کچھ ایسے بھی نکلے جنھوں نے پہلے سکولوں اور کالجوں میں تعلیم پائی اور پھر مدرسہ و خانقاہ کی طرف رخ کیا۔ دونوں قسم کے مدارس یا دو جدا جدا نظامہائے تعلیم سے فیض یاب ہونے والے اہلِ علم یقیناً ایک منفرد اندازِ فکر اور ممتاز طرزِ ادا کے حامل ٹھہرے۔

علم و فضل کے لحاظ سے یہ نجیب الطرفین اور نابغۂ روزگار قبیلہ برصغیر کی تاریخ میں شاندار خدمات کا حامل ہے۔ اُن میں ایک معروف اور ممتاز نام مولانا سعید احمد اکبر آبادی کا ہے۔ مولانا نے لاہور میں علوم السنہ الشرقیہ میں فارسی، عربی کی تحصیل کی اور انگریزی زبان کا امتحان پاس کر کے گریجویشن کیا۔ اس کے بعد دارالعلوم دیوبند میں داخلہ لیا جہاں مولانا انور شاہ کاشمیریؒ، مولانا شبیر احمد عثمانیؒ، مولانا محمد ابراہیم بلیاویؒ، مولانا اعزاز علیؒ، مولانا میاں اصغر حسین دیوبندیؒ اور مولانا حسین احمد مدنیؒ جیسے اساتذہ سے استفادہ کیا اور سیاست میں لیگی اور کانگریسی دونوں خیالات کو جاننے کا موقع ملا۔ فراغت کے بعد سینٹ اسٹیفنز کالج دہلی سے ایم اے پاس کیا۔ ۱۹۴۷ء تک اسی کالج میں پڑھاتے رہے۔ ۱۹۴۸ء میں مولانا ابوالکلام آزادؒ کی تحریک پر کلکتہ گئے اور بطور پرنسپل وہاں کے مشہور دارالعلوم مدرسہ عالیہ کو از سرِ نو بحال

کیا، جو تقسیم کے بعد زبوں حالی کا مقام تھا۔ ۱۹۵۹ء میں مسلم یونیورسٹی علی گڑھ چلے گئے۔ وہاں سُنی دینیات کے شعبے کے صدر اور ادارہ معارف مذہبیات کے ڈین مقرر ہوگئے۔ علی گڑھ سے فراغت کے بعد چار سال تک ہمدرد دہلی کے شعبہ تحقیق سے وابستہ رہے۔ ایک سال کینیڈا کی میکگل یونیورسٹی میں اور لوٹ کر دوسرے کالجوں میں وزیٹنگ پروفیسر کے طور پر کام کرتے رہے۔ آخر میں دارالعلوم دیوبند کی قائم کردہ شیخ الہند اکادمی کے ڈائریکٹر کے طور پر فرائض انجام دیتے رہے۔ اس دوران دیوبند کے منتہی طلبہ کو شاہ ولی اللہ دہلوی کی تالیف حجۃ اللہ البالغہ کا درس بھی دیتے رہے۔

مولانا سعید احمد اکبر آبادی کی ساری زندگی درس وتدریس، تعلیم وتربیت، تبلیغ واشاعت اور تصنیف وتالیف میں گذری ہے۔ یہ تمام سرگرمیاں تعمیری اور تخلیقی Contribution ہیں۔ صدیقِ اکبرؓ، عثمان ذوالنورینؓ، غلامانِ اسلام، اسلام میں غلامی کی حقیقت، مولانا عبیداللہ سندھیؒ اور اُن کے ناقد، مسلمانوں کا عروج وزوال، وحی الٰہی، فہم قرآن، خطباتِ اقبال پر ایک نظر، ہندوستان کی شرعی حیثیت ......وغیرہ کتابیں مولانا کے قلم سے نکلیں اور بہت مقبول ہوئیں۔ مولانا اگرچہ دیوبند کے بہت قریب رہے تاہم اُنھوں نے ہر جگہ اور ہر بار مولانا سندھیؒ کا دفاع کیا اور اُن کے نظریات کو بہت اہمیت دی۔ مولانا سندھیؒ کو طبقہ علماء بالخصوص دیوبندی حضرات سے مخالفت کا سامنا رہا تاہم مولانا سعید احمدؒ کی شکل میں اُن کی حمایت کرنے والا عالم موجود رہا۔

ماہنامہ برہان ندوۃ المصنفین کا علمی ترجمان تھا جو ۱۹۳۸ء میں جاری ہوا۔ مفتی عتیق الرحمٰن عثمانیؒ، مولانا حفظ الرحمٰن سیوہارویؒ اور مولانا سعید احمد اکبر آبادیؒ ندوۃ المصنفین دہلی کے بانیوں میں شامل ہیں۔ ابتدا سے اپنی وفات تک مولانا سعید احمد ہی اس کے مدیر رہے۔ اداریہ کے مخصوص عنوان ''نظرات'' کے تحت اُنھوں نے ہر اس موضوع پر لکھا جو مسلمانانِ ہند کو درپیش رہا۔ مولانا کا یہ کالم [اداریہ] اُن کی دردمندی، وسعت مطالعہ، گہرے مشاہدہ، بالغ نظری، صاف گوئی اور اسلوب بیان کا شاندار نمونہ رہا۔ مولانا ہندوستان کے اہم قومی، ملکی، ثقافتی، علمی اور دیگر مسائل پر اظہار خیال کرتے تھے۔ اہل علم بڑی دلچسپی سے اُن کی تحریروں کا انتظار کرتے اور پڑھتے تھے۔ اہل علم کے لیے ہندوستان اور مسلمانوں کے حوالے سے جریدہ برہان آج بھی ایک زبردست حوالہ ہے اور اس تاریخی وعلمی خزینہ سے مستفیض ہونے کے لیے شاہد حنیف صاحب کا مرتب کردہ اشاریہ علمی اور تحقیقی کام کرنے والوں کے لیے بہت مفید اور مددگار ثابت ہوگا۔ اُمید رکھنی چاہیے کہ شاہد حنیف اپنے پروفیشن کو بطور مشن جاری رکھیں گے اور برصغیر پاک وہند کے مدفون خزانوں کو سرِ قرطاس لاتے رہیں گے۔ ان شاء اللہ۔ وما توفیقی الا باللہ العظیم

❁ ❁❁ ❁

مقدمہ: ماہنامہ ''برہان'' اور اُس کا اشاریہ

از قلم: پروفیسر محمد انس حسان
گورنمنٹ کالج، جہانیاں ---- پاکستان

۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے بعد مسلمانوں نے اپنے علمی ورثے کی حفاظت اور آزادی و حریت کے حوالے سے دو محاذوں پر اپنی توجہ مرکوز رکھی۔ ① تعلیمی اداروں کی بنیاد رکھی اور اس ضمن میں دارالعلوم دیو بند اور علی گڑھ سمیت متعدد تعلیمی اداروں نے علوم وفنون کی ترویج میں نمایاں کردار ادا کیا۔ ② اخبارات اور رسائل و جرائد کے ذریعے تہذیبی ورثے کی حفاظت کی اور اس خطے میں آزادی و حریت کی روح پھونک دی۔

برصغیر میں اُردو صحافت کا آغاز انگریز کی سرپرستی میں ہوا تھا۔ اس لیے اس دور کے رسائل و جرائد میں مغربی تہذیب و تمدن کے اثرات کو واضح طور پر محسوس کیا جا سکتا ہے۔ منشی محمد عبدالعزیز نے ۱۹۰۴ء میں ہندوستان سے نکلنے والے جن اخبارات و رسائل کی فہرست شائع کی تھی اس میں ۶۴۰ اخبارات و رسائل کا ذکر ہے، جن کے مندرجات کے مطالعے سے ہماری اس بات کی تائید ہوتی ہے کہ ان رسائل میں سے بیشتر انگریز کے مذموم مقاصد کی تکمیل کے لیے سرگرم رہے۔ لیکن ۱۸۵۷ء کے بعد کی صحافت نے اس ثقافتی جنگ کے خلاف پہلی مرتبہ مزاحمتی شکل اختیار کی۔ اس ضمن میں سر سید احمد خاں (۱۸۹۸ء۔۱۸۱۷ء) نے تہذیب الاخلاق کا علی گڑھ سے اجرا کیا۔

لاہور سے پیسہ اخبار اور امرتسر سے وکیل نے بھی تہذیب الاخلاق کا رنگ اختیار کیا۔ چونکہ یہ اینگلو انڈین صحافت کے خلاف پہلی کوشش تھی اس لیے ان رسائل میں مدافعانہ اور مفاہمانہ اسلوب غالب نظر آتا ہے۔ یہ اور اس طرز کے دیگر رسائل کو ہم پہلے دور سے موسوم کر سکتے ہیں۔ تاہم پہلی جنگ عظیم کے بعد جب انگریز نے اپنے سرمایہ دارانہ نظام کو وسعت دینے کے لیے خلافتِ عثمانیہ سمیت مسلمانوں کے مقدس مقامات تک کو نہ چھوڑا تو مسلمانوں کے جذبات اور احساسات کی ترجمانی کے لیے ایک طرف مولانا ابوالکلام آزادؒ کے الہلال نے صوراسرافیل پھونکا تو دوسری طرف مولانا محمد علی جوہرؒ کے کامریڈ اور مولانا ظفر علی خانؒ کے زمیندار نے آزادی و حریت کے چراغ روشن کیے۔ یہ اور اس طرز کے دیگر اہم رسائل کو ہم مزاحمتی صحافت کے دوسرے دور سے موسوم کر سکتے ہیں۔

مذکورہ بالا رسائل کے لہو گرما دینے والے مباحث نے بلا شبہ اس خطے کی تاریخ آزادی پر بڑے گہرے نقوش رقم

کیے۔ لیکن آنے والا دور جسے ہم تیسرے دور سے موسوم کر سکتے ہیں، جذبات کا نہیں بلکہ دلیل کا دور تھا اور اب اس بات کی ضرورت محسوس کی جانے لگی تھی کہ محض جذبات سے مقاصد کا حصول ممکن نہیں۔ چنانچہ اس زاویہ فکر نے معارف اور برہان کی شکل میں مسلمانوں کے تہذیبی اقدار کی حفاظت میں بھر پور کردار ادا کیا۔ معارف نے سرسیّد کے علمی و اصلاحی زاویہ فکر کو مزید رفائن اور دلیل کا قالب دے کر عوام میں اثرات پیدا کیے جب کہ برہان نے الہلال اور کامریڈ کے سیاسی اور تہذیبی زاویہ فکر کو دلائل و براہین سے مزین کر کے عوامی مقبولیت حاصل کی۔

برہان کا پہلا شمارہ جولائی ١٩٣٨ء/ جمادی الاولیٰ ١٣٥٧ھ میں ''ندوۃ المصنفین'' (دہلی) سے شائع ہوا، جس کی تشکیل اعیانِ ثلاثہ کے ہاتھوں ہوئی۔ پہلا نام مفتی عتیق الرحمٰنؒ عثمانی، دوسرا نام مولانا سعید احمد اکبرآبادیؒ اور تیسرا نام مولانا حفظ الرحمٰن سیوہارویؒ کا تھا۔ اس کے اغراض و مقاصد میں یہ اُمور بھی شامل تھے۔

① مغربی حکومتوں کے تسلط و استیلا اور علوم مادیہ کی بے پناہ اشاعت و ترویج کے باعث مذہب اور مذہب کی حقیقی تعلیمات سے جو بُعد پیدا ہوتا جا رہا ہے بذریعہ تصنیف و تالیف اس کے مقابلے کی موثر تدبیریں اختیار کرنا۔

② مستشرقین یورپ ریسرچ ورک کے پردے میں اسلامی روایات، اسلامی تاریخ، اسلامی تہذیب و تمدن یہاں تک کہ خود پیغمبر اسلام (ﷺ) کی ذات اقدس پر جو ناروا بلکہ سخت بے رحمانہ اور ظالمانہ حملے کرتے رہتے ہیں، ان کی تردید ٹھوس علمی طریقے پر کرنا۔

③ اسلامی عقائد و مسائل کو اس رنگ میں پیش کرنا کہ عامۃ الناس ان کے مقصد و منشا سے آگاہ ہو جائیں اور ان کو معلوم ہو جائے کہ ان حقائق پر رنگ کی جو تہیں چڑھی ہوئی ہیں اُنھوں نے اسلامی حیات اور اسلامی روح کو کس طرح دبا دیا ہے۔

④ عام مذہبی اور اخلاقی تعلیمات کو جدید قالب میں پیش کرنا۔

مولانا سعید احمد اکبرآبادی (١٩٨٥ء۔١٩٠٨ء) نے برہان کی پہلی سالگرہ کے موقع پر اس کی اشاعت کے مقاصد اور ایک سالہ کارکردگی پر یوں روشنی ڈالی ہے:

''اس وقت جب کہ ہندوستان کے مسلمانوں میں ایک عجیب قسم کا سیاسی بحران و ہیجان پایا جاتا ہے جس کی وجہ سے اچھے اچھے دماغوں کا توازن قائم نہیں رہ سکا اور وہ مختلف ٹولیوں میں تقسیم ہو کر آپس میں ایک دوسرے سے شدید نفرت کرنے لگے ہیں۔ معقولیت، رواداری اور وسعت قلب و نظر کی جگہ تنگدلی اور تنگ مزاجی نے لے لی ہے۔ بعض اچھے اچھے سنجیدہ اجتماعی و مذہبی رسالے بھی اپنی قدیم روش پر قائم نہیں رہے بلکہ اس تلاطم کی رو میں بہہ پڑے ہیں۔ لیکن برہان کا دامن ان آلودگیوں سے یکسر پاک و صاف رہا ہے۔ اس نے قبول عام کے لیے کسی خاص جماعت کا آلہ کار بننا نہ کبھی گوارا کیا اور نہ کرے گا۔۔۔ اس کا مطمح نظر یہ ہے کہ مسلمانوں میں خود سوچنے سمجھنے اور غور کرنے کی عادت پیدا ہو۔۔۔۔ ہم جانتے ہیں کہ قوموں کی تاریخ میں سیاسی بحران ایک سیلاب کی طرح آتا ہے اور گزر جاتا ہے۔ اصل خدمت یہ ہے کہ عمدہ اور صالح لٹریچر فراہم کر کے قوموں کے دماغ کی صحیح تربیت کی جائے اور ان میں حقیقی فکر و عمل کی استعداد پیدا کر کے انہیں روشن دماغ قوم بنا دیا جائے۔'' [برہان، جولائی ١٩٣٩ء، ص ٦]

مدیر برہان نے کسی ادارے کی کامیابی کے لیے دو شرائط کو لازم قرار دیا تھا پہلی ارکان ادارہ کی ''اہلیت و صلاحیت'' اور دوسری ''خلوصِ نیت'' چنانچہ پہلے شمارے میں فرماتے ہیں کہ:

''کسی ادارہ کی کامیابی کے لیے دو چیزیں شرط اولین کی حیثیت رکھتی ہیں۔ ایک ارکان ادارہ کی اس کام کے لیے اہلیت و صلاحیت اور دوسری چیز جو عملاً اس سے بھی زیادہ ضروری ہے وہ کارکنوں کا خلوص نیت ہے۔'' [برہان، جولائی ۱۹۳۸ء، ص۷]

برہان کی خوش قسمتی کہ اسے مولانا سعید احمد اکبرآبادیؒ جیسا مدیر میسر آیا۔ پھر لکھنے والوں میں ہندستان کا شاید ہی کوئی قابل ذکر محقق ہوگا جس کی تحریر برہان کی زینت نہ بنی ہو۔ جس کسمپرسی اور مشکل حالات میں برہان نے اپنا سفر شروع کیا اس کی الگ تاریخ ہے لیکن واقعہ یہ ہے کہ مولانا سعید احمد اکبرآبادیؒ کی محنت و مشقت نے اسے بہت جلد برصغیر پاک وہند کے صف اول کے رسائل میں لا کھڑا کیا۔ مولانا سعید احمد اکبرآبادیؒ نے جولائی ۱۹۳۸ء کے پہلے شمارے سے برہان کی ادارتی ذمہ داری سنبھالی اور تادم آخر یعنی ۱۹۸۵ء تک اس علمی ماہنامہ کے مدیر رہے۔ البتہ اس عرصے میں فروری ۱۹۴۳ء تا دسمبر ۱۹۴۵ء کا زمانہ مستثنیٰ ہے۔ کیونکہ مولانا کا تقرر سینٹ اسٹیفن کالج (دہلی) میں بحیثیت لیکچرر ہوگیا تھا۔ چنانچہ اس تمام عرصے میں مولانا کے رفیق کار مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی نے برہان کی ادارتی ذمہ داریاں سنبھالے رکھیں، وہ خود لکھتے ہیں کہ:

''اس اشاعت سے برادرم سعید احمد اکبرآبادیؒ برہان کی ادارت سے باضابطہ طور پر سبکدوش ہو رہے ہیں کیونکہ سینٹ اسٹیفن کالج (دہلی) سے ان کا تعلق ایک معقول مشاہرہ پر ہوگیا ہے۔'' [برہان، نومبر ۱۹۴۳ء، ص۳۲۲]

مگر جنوری ۱۹۴۶ء سے مولانا سعید احمد اکبرآبادیؒ نے دوبارہ برہان کی ادارتی ذمہ داری سنبھال لی اور اپنے انتقال تک اس ذمہ داری کو بااحسن نبھایا۔ اس تمام عرصے میں معارف ہی ایک ایسا مجلہ تھا جو برہان کا ہم پلہ تھا۔ اس باعث دونوں رسائل میں معاصرانہ چشمک اور نوک جھوک بھی چلتی رہتی تھی۔ لیکن دونوں طرف باہمی احترام کو ہمیشہ ملحوظ رکھا گیا اور کئی مواقع پر ایک دوسرے کی کھل کر تعریف وتوصیف سے بھی اعتنا نہیں برتا گیا۔ چنانچہ معارف کے مدیر سید صباح الدین عبدالرحمٰن نے مولانا سعید احمد اکبرآبادیؒ کے وصال پر ان کے ادارتی فرائض پر زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے لکھا:

''مولانا نے اس رسالہ کی ادارت کے فرائض جس شان سے سرانجام دیے وہ تاریخ میں جلی حروف سے لکھے جائیں گے۔ ان کا کوئی معاون نہیں رہا۔ وہ خود ہی اس کے مضامین کی اصلاح وترتیب میں لگے رہتے۔ اس کے لیے لمبے لمبے ریویو قلمبند کرتے البتہ اس کی کتابت اور طباعت کی ذمہ داری مولانا مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی پر ہوتی۔ ورنہ سینتالیس سال کی طویل مدت تک ادارت کا سارا کام تنہا ان ہی کے ذریعے سے انجام پاتا رہا۔ کسی مہینہ میں اس کی اشاعت نہیں رکی۔ جوان کا زبردست علمی کارنامہ ہے۔'' [معارف، جولائی ۱۹۵۸ء، ص۶۳-۶۲]

مولانا سعید احمد اکبرآبادیؒ کی ادارت میں برہان کو جو مقبولیت ملی اس میں ان کی محنت اور خلوص کا بڑا دخل تھا۔ شروع دن سے ان کی پالیسی یہ رہی کہ تنگ نظری اور تعصب سے برہان کو ہمیشہ دور رکھنا ہے اور اس باعث برہان نے ایک بڑے طبقے میں اثرات پیدا کیے۔ اس وسعتِ نظری کا ایک باعث شاید یہ بھی تھا کہ وہ قدیم وجدید علوم پر بیک وقت دسترس

رکھتے تھے۔ چنانچہ جہاں وہ دارالعلوم دیوبند جیسی بڑی علمی درسگاہ کے طالب علم تھے۔ وہیں علی گڑھ میں تدریس کے فرائض بھی سرانجام دیتے رہے۔ یہی وجہ تھی کہ مولانا کا علمی ذوق اور رجحان ان دونوں علمی درسگاہوں کا حسین امتزاج تھا۔

نظرات (اداریہ)، وفیات اور تبصرہ کتب برہان کے مستقل سلسلے تھے جو مولانا سعید احمد اکبرآبادیؒ کے قلم سے ہوتے تھے۔ ''نظرات'' کے عنوان سے اداریے میں جو عام طور پر تین سے لے کر دس صفحات پر مشتمل ہوتا، مولانا انتہائی جرأت اور بے باکی سے قومی و بین الاقوامی امور ومسائل پر اظہار خیال کرتے۔

اپنی علمیت، گہرائی اور تجزیہ کے اعتبار سے مولانا کے نظرات کو محض اداریہ ہی نہیں بلکہ ایک علمی دستاویز کی حیثیت حاصل ہے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ کوئی محنتی محقق ان کو مناسب تحقیق و تعلیق کے ساتھ ایڈٹ کر کے الگ سے شائع کرے۔ وفیات کے ذیل میں مشاہیر کا تذکرہ انتہائی معتدل اور مثبت انداز میں ہوتا تھا اور مرحوم شخصیت کا پورا خاکہ نظروں کے سامنے آجاتا۔ اپنی ادارتی زندگی میں مولانا نے قریب دوسو پینتالیس مشاہیر کی وفیات خود اپنے قلم سے تحریر کیے جو بلاشبہ ایک بہت بڑا کام ہے اور ضرورت ہے کہ ان کو یکجا کر کے شائع کیا جائے۔

تبصرہ کتب کے باب میں مولانا کسی قسم کی رورعایت کے قائل نہیں تھے۔ جن کتب پر تبصرہ کیا غیر جانبدار رہ کر کیا۔ اگر ان تبصروں کو اور مولانا کے دیگر انگریزی تبصروں کو یکجا کر دیا جائے تو تبصرہ کتب کی روایت میں ایک عمدہ اور وقیع اضافہ ہوگا۔ اس کے علاوہ مولانا اکبرآبادیؒ کے اگرچہ اکثر مضامین تو برہان میں شائع ہونے کے بعد کتابی شکل میں بھی منظر عام پر آئے مگر اب بھی ایک بڑا ذخیرہ ایسا ہے جو ترتیب وتدوین کا منتظر ہے۔ اس کام کو اگر وسعت دے کر مولانا کے دیگر مجلات میں شائع ہونے والے مضامین کو بھی اس منصوبہ میں شامل کر لیا جائے تو اندازہ ہے کہ کئی مجلدات تیار ہو سکتی ہیں۔

برہان درحقیقت ایک رسالہ ہی نہیں تھا بلکہ اس نے برصغیر کے کئی نامور محققین کو سنجیدہ قومی مسائل پر غور وفکر کا ایک پلیٹ فارم مہیا کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ کئی نئے لکھنے والوں کو برہان کی شکل میں ایک تربیت گاہ میسر آگئی اور بعد کے حالات میں یہی نوآموز لکھاری مشاہیر کی فہرست میں شامل ہوئے۔ یہ سب مولانا اکبرآبادیؒ ہی کا فیض تھا اور انھی کی شخصیت تھی جس نے برہان کو اس درجہ بلند مقام دلایا کہ نامور محققین اپنی تحریر اس مجلہ میں شائع کرانا باعث فخر سمجھتے تھے۔

مئی ۱۹۸۴ء میں مولانا اکبرآبادیؒ کے دیرینہ رفیق مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی کا انتقال ہو گیا اور قریب دو ماہ بعد ہی مولانا کے بڑے بیٹے عمر سعید کا بھی انتقال ہو گیا۔ مولانا نے ان اموات کا بڑا گہرا صدمہ لیا اور آخر وقت تک اس صدمے سے باہر نہ آسکے۔ اپنے اہل وعیال سے ملاقات اور مختلف علمی کانفرنسز میں شرکت کے لیے مولانا اکثر پاکستان آتے رہتے تھے۔ مرض الموت ہندوستان میں شروع ہوا اور آپ کی صاحبزادی آپ کو پاکستان لے آئیں۔ آپ کی وفات جگر کے سرطان کے باعث ۲۴/ مئی ۱۹۸۵ء کو کراچی میں ہوئی اور تدفین دارالعلوم کورنگی میں ہوئی۔ ان کی وفات پر برصغیر کے تقریباً تمام قابل ذکر مجلات ورسائل نے اپنے اداریوں اور مضامین میں ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ ضرورت ہے کہ ان مضامین کو یکجا کر کے الگ سے شائع کیا جائے۔ برہان کی عزت وآبرو مولانا اکبرآبادی کے دم

سے تھی۔ مولانا کے بعد تو برہان گویا ''ویران'' ہو گیا۔ لیکن اس کے باوجود اس کی اشاعت میں کوئی ناغہ نہ ہوا۔ مولانا اکبرآبادیؒ نے برہان کا آخری اداریہ فروری ۱۹۸۵ء میں اپنی وفات سے تین ماہ قبل تحریر کیا اور اس کے آخری الفاظ یہ تھے: ''قارئین برہان اور احباب سے دُعا ہے کہ وہ اپنی دعاؤں میں حسب معمول ہمیشہ یاد رکھیں''۔

مارچ ۱۹۸۵ سے مئی ۱۹۸۵ء تک برہان کا اداریہ مولانا اظہر صدیقی لکھتے رہے۔ مگر جون ۱۹۸۵ء سے یہ ذمہ داری مولانا جمیل مہدی کے سپرد ہوئی اور ان کا پہلا اداریہ ہی مولانا اکبرآبادیؒ کی وفات پر تھا۔ مولانا کی وفات کے بعد مفتی عتیق الرحمٰن عثانی کے صاحبزادے مولانا عمید الرحمٰن عثانی جو برہان کے معاون مدیر کی حیثیت سے کام کر رہے تھے، اب ادارتی ذمہ داریاں ان کے کندھوں پر آن پڑیں اور بتدریج نظرات بھی اُنھوں نے خود تحریر کرنا شروع کیے اور یہ سلسلہ برہان کے آخری شمارے تک اُنھوں نے ہی چلایا۔ آپ صاحبان کے علاوہ اس رسالے کی مجلس ادارت میں قاضی اطہر مبارکپوری، مولانا غلام محمد نور گت، ڈاکٹر معین الدین بقائی، سید اقتدار حسین، عابد رضا بیدار، غفران احمد، محمد اظہر صدیقی، حکیم محمد عرفان الحسینی، ڈاکٹر جوہر قاضی، محمود سعید بلالی وغیرہ جیسے صاحبان علم و دانش شامل رہے ہیں۔ ۱۹۹۱ء سے برہان کی سرپرستی کا فریضہ جناب حکیم عبدالحمید صاحب چانسلر جامعہ ہمدرد دہلی انجام دیتے رہے ہیں، جبکہ ۱۹۹۵ء سے تا آخر نگرانِ اعلیٰ کا فریضہ جناب حکیم محمد زمان حسینی صاحب ادا کرتے رہے۔ بہر حال گذشتہ نصف صدی سے زیادہ عرصہ یہ جریدہ اپنے وقیع مضامین سے اہل علم کی تشنگی کو سیراب کرتا رہا۔ بلا شبہ اگر برہان میں شائع شدہ مضامین کو یکجا کیا جائے تو ایک عمدہ انسائیکلو پیڈیا تیار ہو سکتا ہے جس کا دائرہ کار اپنی وسعت اور تنوع کے اعتبار سے برصغیر کی مکمل تاریخ کا احاطہ کرتا ہے۔

ہمارے ہاں رُسائل و جرائد کی تاریخ اگر چہ کافی پرانی ہے مگر ان رسائل و جرائد کی اشاریہ سازی کی روایت زیادہ پرانی نہیں ہے۔ وقت کی قلت اور کم وقت میں زیادہ کام کرنے کی غرض سے اشاریہ سازی کی روایت پروان چڑھی اور ہر گزرتے دن کے ساتھ اس کی افادیت اور مقبولیت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ماضی قریب میں دینی رسائل میں رحیق، الحق، القاسم، الرحیم، الولی، علوم القرآن، فقہ اسلامی، معارف، شمس الاسلام سمیت متعدد مجلات کے اشاریے شائع ہوئے۔ محترمہ شائستہ خان نے برہان کا ایک اشاریہ مرتب کیا تھا مگر اس اشاریہ میں بہت سی چیزوں سے اعراض کرتے ہوئے اسے انتہائی مختصر انداز میں مرتب کیا گیا تھا۔ ضرورت تھی کہ برہان کا ایک ایسا مفصل اور توضیحی اشاریہ مرتب ہو جس میں اس کے مقالات و نگارشات کے علاوہ مکتوبات، اداریوں، وفیات، تبصرہ کتب وغیرہ کو نہ صرف موضوعاتی انداز میں مرتب کیا جائے بلکہ مصنفین کا اشاریہ بھی ہوتا کہ کسی موضوع کے علاوہ کسی مصنف پر کام کرنا آسان تر ہو جائے۔

اُردو رسائل و جرائد کی اشاریہ سازی میں وطنِ عزیز کے جو نام سامنے آتے ہیں اُن میں جناب ڈاکٹر سفیر اختر، ڈاکٹر سہیل شفیق، ڈاکٹر محمد اشرف کمال، حسین صحرائی جیسے صاحبانِ علم و فضل شامل ہیں۔ ان کے علاوہ بھی بعض اہلِ علم و قلم نے اس کام میں اپنا حصہ ڈالا ہے۔ مگر اس ضمن میں ایک نام ایسا بھی ہے جو ابھی تک اُردو رسائل و جرائد کی ''اشاریہ

سازی'' میں شاید پاک وہند کا سب سے بڑا نام ہے۔ میری مراد محترم شاہد حنیف سے ہے جو اللہ ربّ العزت کی عطا کردہ خصوصی صلاحیتوں سے بہرہ ور اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اَب تک پچاس سے زائد رسائل کے اشاریے مرتب کر چکے ہیں اور ان کا یہ کام کمیت کے اعتبار سے ہی نہیں بلکہ معیار کے اعتبار سے بھی نہ صرف علمی ہے بلکہ حوالہ جاتی اور اعلیٰ تحقیق کا نادر نمونہ ہے، جس نے محققین کے لیے علم وتحقیق کو بہت آسان کر دیا ہے۔ شاہد حنیف ایک شخص ہی نہیں بلکہ ایک تحریک اور ایک انجمن ہے اور اس کا ثبوت اشاریہ سازی کے ضمن میں ان کا وقیع کام ہے۔ ان کے کام کی جستجو اور لگن دیکھ کر اُمید کی جاسکتی ہے کہ ان شاء اللہ بہت جلد برصغیر کے قابل ذکر رسائل کے اشاریے ہماری دسترس میں ہوں گے۔

زیرنظر اشاریہ برہان میں نظرات، وفیات اور تبصروں پر عنوانات اور مناسب وضاحتوں نے اس کو انفرادیت بخشی ہے یعنی اس اشاریے میں مقالات ونگارشات کے علاوہ مکتوبات، نظرات (اداریوں)، تبصرۂ کتب، شاعری وغیرہ کو بھی موضوعات کے تحت درج کیا گیا ہے، تاکہ کسی محقق کے لیے برہان میں شائع شدہ علمی مواد سے استفادہ آسان تر ہو۔ نیز جدید موضوعات پر کام کرنے کے لیے آسانی میسر ہو۔ حالانکہ عام طور پر اشاریہ ساز اس ''مشکل پسندی'' میں پڑنا پسند نہیں کرتے۔ حالیہ چند برسوں میں شائع ہونے والے چند اشاریوں میں صرف مصنف وار یا عنوان وار ترتیب سے مقالات کو مرتب کر دیا گیا ہے جن سے کسی موضوع یا شخصیت پر مقالات کی تلاش بہت مشکل ہوتی ہے۔ اشاریہ کا مقصد محض مضامین کے عنوانات کا تعارف نہیں ہوتا بلکہ اس کا مقصد تو محقق کے وقت کی بچت ہوتی ہے تاکہ وہ کم وقت میں اپنے مطلوبہ مقالات تک رسائی حاصل کر سکے اور اگر کسی اشاریہ میں یہ خصوصیت نہ ہو تو اس کا مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے۔

اشاریہ برہان کی ترتیب میں وہی انداز اختیار کیا گیا ہے جو ڈاکٹر حافظ عبدالرحمٰن مدنی کی زیرسرپرستی اور ڈاکٹر حافظ حسن مدنی کی زیرنگرانی اسلامک ریسرچ کونسل، لاہور کے شعبہ رسائل کے زیراہتمام باقاعدہ اسکیم کے تحت تیار کیا گیا تھا اور اس کے مطابق تیس سے زائد رسائل کے اشاریے مرتب کیے گئے ہیں۔

اشاریہ برہان کے مرتب جناب شاہد حنیف صاحب کی اشاریہ سازی میں سب سے اہم اور منفرد کی بات یہ ہے کہ ان اشاریوں میں نہ صرف اپنے متعلقہ موضوع بلکہ کسی مصنف کی مکمل نگارشات سے مستفیض ہونا آسان تر ہے۔ اس کے لیے فاضل مصنف نے نئی طرز کے اُسلوب وندرت سے اپنے اشاریوں کو مرتب کیا ہے جبکہ دوسرے اشاریے اس طرح کی ندرت، انفرادیت اور جدتِ اُسلوب سے خالی نظر آتے ہیں۔ اسی بنا پر فاضل مرتب کے اشاریے اپنی ترتیب اور تدوین کے اعتبار سے بانسبت دیگر اشاریوں کے بہت زیادہ اہمیت کے حامل ہیں۔ اور ان کے اشاریوں سے نہ صرف اپنے کسی موضوع یا مصنف کی تخلیقات ونگارشات تک پہنچنا آسان ہوتا ہے بلکہ کسی شخصیت کے اور اُس پر لکھی ہوئی تحریروں سے استفادہ بہت آسان ہوتا ہے۔ زیرنظر اشاریہ بھی شاہد حنیف صاحب کے جدید اُسلوب، ندرت اور انفرادیت کا اعلیٰ نمونہ ہے۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی زندگی، صحت اور کام میں برکت عطا فرمائے۔ آمین

❀ ❀❀ ❀

ماہنامہ ''برہان'' دہلی کا اشاریہ

از قلم: ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس
ڈین شعبہ علوم اسلامیہ، جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد

ارضِ پاکستان وہ خطہ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے مادی وسائل کے ساتھ ساتھ افرادی قوت سے بھی نوازا۔ یہی وجہ ہے کہ ہر شعبہ زندگی میں ایسے ایسے ماہرین نظر آتے ہیں کہ داد دیے بغیر رہا نہیں جا سکتا۔ علمی دنیا میں تحقیق ایک ایسا شعبہ ہے جس کا بنیادی مقصد پیش آنے والے نئے مسائل کا حل تلاش کرتے ہوئے اس کے انسانی زندگی پر اثرات کا جائزہ لینا ہے۔ لوازماتِ تحقیق میں طریقہ تحقیق، حصول مواد اور ذرائع حصول مواد کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ کسی بنیادی سوال کے حل سے پہلے اس پر موجود مطبوعہ و غیر مطبوعہ مواد کے بارے میں معلوم ہونا ضروری ہے۔ اگر موضوع کے متعلق وہ کام جو پہلے سے ہو چکا ہے اس کی معلومات نہ ہوں گی تو تحقیق اُدھوری رہ جائے گی۔

لوازماتِ تحقیق میں ''اشاریہ سازی'' ایک ایسا لازمہ ہے جس کے بغیر نئی تحقیق سے وہ مقصد حاصل نہیں ہوگا جس مقصد کے لیے بنیادی تحقیقی سوال اُٹھایا گیا تھا۔ اسی لیے اشاریہ تحقیق کو معتبر بنانے کے لیے ایک ناگزیر وسیلہ ہے۔ موجودہ دور علمی ترقی کا دور ہے۔ ایم فل اور پی ایچ ڈی کی تعلیم کے حصول کی طرف بڑھتے ہوئے رجحانات کی وجہ سے عنوانات کم ہو رہے ہیں ان حالات میں اشاریہ سے امداد ناگزیر ہوگئی ہے۔ یہ ریسرچ کے سوال کو حل کرنے کے ساتھ ساتھ ایک بنیادی خاکہ بھی فراہم کرتے ہیں جس کو اپنا کر پیدا ہونے والے مسئلے کا حل تلاش کیا جا سکتا ہے۔

اسی لیے قدیم اور جدید رسائل سے استفادہ کے لیے برصغیر پاک و ہند میں گنتی کے چند لوگوں نے کام کیا، جن میں ارضِ پاکستان کی ایک شخصیت محمد شاہد حنیف ہیں جن کا تعلق لاہور کی علمی زمین سے ہے۔ تشنگانِ علم کی آسانی کے لیے اس موضوع پر جو کام ہے وہ پاک و ہند میں اپنی مثال آپ ہے۔ موصوف نے پاکستان میں شائع ہونے والے پچاس سے زائد علمی، دینی، اَدبی اور اصلاحی مجلّات کے اشاریے مرتب کیے ہیں۔ جیسا کہ مجلّہ الحق، محدث، ترجمان القرآن وغیرہ کے اشاریے ہیں۔ اسی سلسلے کی ایک کڑی دہلی کے علمی و تحقیقی مجلّہ برہان کا اشاریہ ہے جسے موصوف نے مرتب کر کے مجلّہ کو حیاتِ نو بخش دی ہے۔ اس سے مجلّہ میں شائع ہونے والے برصغیر کے عظیم علما و دانشوروں کی علمی نگارشات سے استفادہ کرنا نہایت آسان ہوگیا ہے۔ جناب مرتب نے اشاریہ سازی کے سلسلے میں جدید اُسلوب کو مدنظر رکھتے ہوئے بہترین انداز میں اشاریہ ترتیب دیا ہے۔ اشاریہ سازی میں موصوف کا نام سنہری حروف میں لکھنے کے قابل ہے۔ دُعا ہے کہ ربّ کریم ان کی صحت، عمر، زندگی اور کام میں برکتیں نازل فرمائے اور اُنھیں دنیا و آخرت کی بھلائیوں سے نوازے۔ (آمین)

اشاریہ ماہنامہ ''برہان'' دہلی

از قلم: پروفیسر سیّد شبیر حسین زاہد
گورنمنٹ کالج، ننکانہ

درحقیقت تحقیق کی دنیا میں رسائل و جرائد کا کردار کتابوں سے بڑھ کر ہوتا ہے۔ رسائل نہ صرف اپنے عہد کی عکاسی کرتے ہیں بلکہ اپنے دور میں موجود مختلف موضوعات جن میں مذہب، معاشرت، سیاست، معیشت، تہذیب وثقافت، صنعت وتجارت کے تمام شعبوں کے حوالے سے محققین وقارئین کو مواد فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ رسائل میں ایک موضوع پر مختلف شخصیات کے مختلف زاویے پیش کیے جاتے ہیں جن سے متعلقہ موضوع کے تمام پہلو نکھر کر سامنے آجاتے ہیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ رسائل میں موجود تحقیقی لوازمہ اپنے تنوع، تحقیق اور معیار کے اعتبار سے کتب کی نسبت زیادہ اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ لیکن رسائل کے سابقہ ذخیرہ سے استفادے کے لیے لازمی امر اُن کی اشاریہ سازی ہے۔
اشاریہ سازی کی ان تمام ضروریات ولوازمات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمارے دوست جناب محمد شاہد حنیف نے اشاریہ سازی کے فن کو خوب سمجھا۔ اس میں دن رات محنت اور جدت طرازی کی۔ اشاریہ سازی کے فن کو ترقی دینے کے لئے نوع بہ نوع خطوط کو اپنایا اور پھر یہ ہوا کہ اشاریہ سازی کے فن میں اس مرو تجربہ کار کا نام سند کا درجہ اختیار کر گیا نتیجہ یہ ہوا کہ آج رسائل وجرائد کے منتظمین ان کی طرف دیکھتے ہیں کہ وہ متعلقہ رسائل وجرائد کا اشاریہ مرتب کر دیں۔
شاہد صاحب نے پچاس سے زائد رسائل کے اشاریے اس انداز میں مرتب کیے ہیں کہ کسی بھی موضوع یا شخصیت پر کام کرنا بہت آسان ہوگیا ہے۔ شاہد حنیف صاحب کا نیا مرتبہ کردہ اشاریہ ماہنامہ برہان دہلی کا ہے یہ علمی، اَدبی اور تاریخی پرچہ ہے جو کہ ندوۃ المصنفین کے تحت برصغیر کے عظیم عالم ودانشور مولانا سعید احمد اکبرآبادیؒ کی زیرادارت شائع ہوتا رہا ہے۔ اس تاریخی لوازمے سے استفادہ کرنے کے لیے اس کے اشاریے کی اشد ضرورت تھی جس کو جناب شاہد حنیف صاحب نے اپنے مخصوص علمی اور جدید انداز میں مرتب کر کے اہلِ علم وتحقیق کے لیے نئی راہیں کشادہ کرنے میں اپنا اہم کردار ادا کر دیا ہے۔ اللہ جل جلالہ اُن کو دُنیا وآخرت میں مزید کامیابیوں سے نوازے۔ آمین
رسائل وجرائد کے اشاریوں کی اشاعت کے بعد اس چیز کی ضرورت زیادہ محسوس ہوتی ہے کہ جدید زندگی کے تقاضوں اور کمپیوٹر کی دنیا کو مدنظر رکھتے ہوئے اگر ''ادارے'' ان تحقیقی کاموں میں سرپرستی کرتے ہوئے ان رسائل کو بذریعہ سکینگ نہ صرف سی ڈیز میں منتقل کروائیں بلکہ انٹرنیٹ کے ذریعے پوری دنیا میں پھیلانے کا ''فریضہ'' بھی انجام دے دیں تو یہ محققین اور تحقیقی دنیا کے لیے ایک بیش بہا تحفہ ہوگا۔ ان شاء اللہ

کچھ اِشاریہ کے بارے میں

عصرِ حاضر میں جدید ترین سہولتوں اور بہترین وسائل کی وجہ سے ہر موضوع پر اس قدر لٹریچر شائع ہو رہا ہے کہ سب کا احاطہ کرنا نہایت مشکل ہو گیا ہے۔ ان حالات میں کتابوں یا رسائل کے بحرِ ذخار میں خاص موضوع تک رسائی اس سے بھی زیادہ مشکل امر ہے۔ کتابوں اور رسائل کے اشاریے اسی مشکل کو حل کرنے کے لیے تیار کیے جاتے ہیں۔ اشاریے کی حیثیت ایک منظم رہنما کی ہے جس کی مدد سے ہم نہایت قلیل وقت میں اپنے مطلوبہ موضوع تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

تحقیق کی دنیا میں عموماً دو طرح سے تحقیق ہوتی ہے یا تو وہ کسی موضوع پر ہوتی ہے یا پھر کسی شخصیت کے حوالے سے، اس لیے ماہنامہ برہان کا اشاریہ ان ہی دو طرح سے مرتب کیا گیا ہے تاکہ محققین آسانی سے اپنے مطلوبہ مواد تک پہنچ سکیں۔ اشاریے کی ابتدا میں ۶۲ سال میں شائع ہونے والے شماروں کی تعداد، ماہ و سال اور شماروں کی ضخامت کے بارے میں آگاہی کے لیے شروع میں ایک رپورٹ بھی دے دی گئی ہے۔ یہ اشاریہ جولائی ۱۹۳۸ء تا اپریل ۲۰۰۱ء تک شماروں پر محیط ہے لیکن اپریل ۱۹۸۷ء + ستمبر تا دسمبر ۲۰۰۰ء کے شمارے تلاشِ بسیار کے باوجود نہیں ملے۔ مولانا مفتی عتیق الرحمٰنؒ پر شائع کی گئی اشاعت اس میں شامل کی گئی ہے۔ اشاریے کے بارے میں مختلف جگہوں پر ضروری وضاحتیں بھی ساتھ ساتھ کر دی گئی ہیں، عمومی وضاحت درج ذیل ہے:

موضوع وار اشاریہ

تمام مضامین کو مختلف موضوعات میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اس لیے مطلوبہ موضوع کے لیے ابتدا میں دی گئی 'فہرست' پر نظر ڈال لی جائے تو مطلوبہ موضوع کے بارے پتا چل جائے گا۔ بعض مقالات میں چونکہ کئی موضوعات کا ذکر ہوتا ہے ایسے مقالات کو متعلقہ موضوع میں درج کرنے کے ساتھ ساتھ دوسرے موضوع میں بھی درج کیا گیا ہے، جس سے بعض جگہ ''تکرار'' کا سامنا ضرور ہے لیکن محققین کے لیے نہایت آسانی ہے، اس کے علاوہ بعض موضوعات کے تحت یہ بھی لکھا گیا ہے کہ مزید دیکھیے فلاں موضوع۔ مثال کے طور پر امریکہ کے حوالے سے معلومات پاکستان، عراق، افغانستان وغیرہ کے ضمن میں بھی ملیں گی۔ اس سے علمی مجلّہ برہان کی علمی خدمات کو

سامنے لانے کے ساتھ ساتھ، زیادہ سے زیادہ سے موضوعات کو سامنے لایا گیا ہے تا کہ علمی تحقیق کرنے والوں کی مشکلات کو دور کرنے میں مدد مل سکے۔

- اداریوں رمکتوبات رخطابات وغیرہ کو بھی متعلقہ موضوع میں درج کر دیا گیا ہے۔ یہ بات مدنظر رہے کہ برہان میں محترم مدیران اداریہ ''نظرات'' کے عنوان سے لکھتے رہے ہیں، ہم نے اس ہر ''نظرات'' کے آگے ''اداریہ'' کا لفظ ہی لکھا ہے۔ جن ''اداریوں'' پر عنوان نہیں تھا، موضوع کے اعتبار سے وہاں ''عنوان'' لگایا گیا ہے۔
- مقالات کے علاوہ تبصرۂ کتب کو بھی ہر موضوع کے تحت (مقالات کے ساتھ نیچے لکیر لگا کر) درج کیا گیا ہے، تا کہ ایک موضوع پر مقالات کے ساتھ ساتھ اس موضوع پر کتب سے بھی آگاہی ہو سکے۔
- سیر وسوانح کے باب میں ترتیب یوں ہے: عظمت وسیرتِ انبیاءِ کرام، سیرتِ رسول مقبول ﷺ، سیرتِ ازواج مطہرات، عظمتِ صحابہ کرامؓ، سیرتِ خلفائے راشدین، سیرت صحابہ، سیرتِ صحابیات، محدثین صحاح ستہ، ائمہ و محدثین، ...... وغیرہ کے بعد باقی شخصیات کو 'متفرق شخصیات' کے عنوان سے درج کیا گیا ہے تا کہ مطلوبہ شخصیت پر مضمون تلاش کرنے میں آسانی رہے۔ اس سلسلے میں اپنا ہی جدید انداز اختیار کیا گیا ہے۔ اس حصے میں تبصروں اور خاص نمبروں کو الگ درج کرنے کی بجائے متعلقہ 'شخصیت' پر مقالات کے ساتھ ہی درج کیا ہے۔ اس کے بعد 'تذکرے' میں وہ مقالات درج ہیں جن میں کئی شخصیات کا تذکرہ ہے۔

مصنف وار اشاریہ

- مصنف وار اشاریہ میں تمام مصنفین کے نام الف بائی ترتیب سے درج کیے گئے ہیں۔
- اس حصے میں تفصیلاً لکھنے کی بجائے موضوعاتی اشاریے کی ہر لائن کو نمبر دے کر وہ نمبر مصنفین کے ناموں کے آگے درج کر دیے گئے ہیں۔ یوں بہت کم صفحات میں اشاریے کو سمو دیا گیا ہے۔
- اس اشاریے میں ایک 'مصنف' کے مقالات، ترجمے، تبصرے، بطورِ مرتب کے علاوہ اگر 'مصنف' کی کسی کتاب پر تبصرہ ہوا ہے تو اُس کا بھی ساتھ ہی ذکر کر دیا گیا ہے تا کہ ایک مصنف کی تمام تخلیقات و نگارشات ایک ہی نظر میں سامنے آ جائیں۔ اس حصے میں اشاریہ سازی کا نیا اُسلوب اختیار کیا گیا ہے۔

محمد شاہد حنیف
انچارج شعبۂ رسائل وجرائد، ماہنامہ محدث لاہور
۰۳۳۳-۴۱۲۸۷۴۳

محمد زاہد حنیف
شعبہ رسائل و جرائد، مجلس التحقیق الاسلامی، ماڈل ٹاؤن، لاہور

ماہنامہ برہان: ماہ و سال کے آئینے میں

نمبر	جلد / شمارہ	عیسوی	ہجری	صفحات
1	○ جلد۱ شمارہ۱	جولائی ۱۹۳۸ء	جمادی الاول ۱۳۵۷ھ	ص۷۲
2	جلد۱ شمارہ۲	اگست ۱۹۳۸ء	جمادی الآخر ۱۳۵۷ھ	ص۸۰ ر
3	جلد۱ شمارہ۳	ستمبر ۱۹۳۸ء	رجب ۱۳۵۷ھ	ص۸۰
4	جلد۱ شمارہ۴	اکتوبر ۱۹۳۸ء	شعبان ۱۳۵۷ھ	ص۸۰
5	جلد۱ شمارہ۵	نومبر ۱۹۳۸ء	رمضان ۱۳۵۷ھ	ص۸۰
6	جلد۱ شمارہ۶	دسمبر ۱۹۳۸ء	شوال ۱۳۵۷ھ	ص۸۰
7	○ جلد۲ شمارہ۱	☆ جنوری ۱۹۳۹ء	ذی القعدہ ۱۳۵۷ھ	ص۸۰
8	جلد۲ شمارہ۲	فروری ۱۹۳۹ء	ذی الحجہ ۱۳۵۷ھ	ص۸۰
9	جلد۲ شمارہ۳	مارچ ۱۹۳۹ء	☆ محرم الحرام ۱۳۵۸ھ	ص۸۰
10	جلد۲ شمارہ۴	اپریل ۱۹۳۹ء	صفر ۱۳۵۸ھ	ص۸۰
11	جلد۲ شمارہ۵	مئی ۱۹۳۹ء	ربیع الاول ۱۳۵۸ھ	ص۸۰
12	جلد۲ شمارہ۶	جولائی [جون] ۱۹۳۹ء	ربیع الآخر ۱۳۷۵۸ھ	ص۸۰
13	○ جلد۳ شمارہ۱	جولائی ۱۹۳۹ء	جمادی الاول ۱۳۵۸ھ	ص۸۰
14	جلد۳ شمارہ۲	اگست ۱۹۳۹ء	جمادی الآخر ۱۳۵۸ھ	ص۸۰
15	جلد۳ شمارہ۳	ستمبر ۱۹۳۹ء	رجب ۱۳۵۸ھ	ص۸۰
16	جلد۳ شمارہ۴	اکتوبر ۱۹۳۹ء	شعبان ۱۳۵۸ھ	ص۸۰
17	جلد۳ شمارہ۵	نومبر ۱۹۳۹ء	رمضان ۱۳۵۸ھ	ص۸۰
18	جلد۳ شمارہ۶	دسمبر ۱۹۳۹ء	شوال ۱۳۵۸ھ	ص۸۰
19	○ جلد۴ شمارہ۱	☆ جنوری ۱۹۴۰ء	ذی الحجہ ۱۳۵۸ھ	ص۸۰
20	جلد۴ شمارہ۲	فروری ۱۹۴۰ء	☆ محرم الحرام ۱۳۵۹ھ	ص۸۰
21	جلد۴ شمارہ۳	مارچ ۱۹۴۰ء	صفر ۱۳۵۹ھ	ص۸۰
22	جلد۴ شمارہ۴	اپریل ۱۹۴۰ء	ربیع الاول ۱۳۵۹ھ	ص۸۰
23	جلد۴ شمارہ۵	مئی ۱۹۴۰ء	ربیع الآخر ۱۳۵۹ھ	ص۸۰

24	جلد۴ شمارہ۶	جون۱۹۴۰ء	جمادی الاوّل۱۳۵۹ھ	ص۸۰
25	○ جلد۵ شمارہ۱	جولائی۱۹۴۰ء	جمادی الآخر۱۳۵۹ھ	ص۸۰
26	جلد۵ شمارہ۲	اگست۱۹۴۰ء	رجب۱۳۵۹ھ	ص۸۰
27	جلد۵ شمارہ۳	ستمبر۱۹۴۰ء	شعبان۱۳۵۹ھ	ص۸۰
28	جلد۵ شمارہ۴	اکتوبر۱۹۴۰ء	رمضان۱۳۵۹ھ	ص۸۰
29	جلد۵ شمارہ۵	نومبر۱۹۴۰ء	شوال۱۳۵۹ھ	ص۸۰
30	جلد۵ شمارہ۶	دسمبر۱۹۴۰ء	ذی القعدہ۱۳۵۹ھ	ص۸۰
31	○ جلد۶ شمارہ۱	☆ جنوری۱۹۴۱ء	ذی الحجہ۱۳۵۹ھ	ص۸۰
32	جلد۶ شمارہ۲	فروری۱۹۴۱ء	☆ محرم الحرام۱۹۶۰ھ	ص۸۰
33	جلد۶ شمارہ۳	مارچ۱۹۴۱ء	صفر۱۹۶۰ھ	ص۸۰
34	جلد۶ شمارہ۴	اپریل۱۹۴۱ء	ربیع الاوّل۱۹۶۰ھ	ص۸۰
35	جلد۶ شمارہ۵	مئی۱۹۴۱ء	ربیع الآخر۱۳۶۰ھ	ص۸۰
36	جلد۶ شمارہ۶	جون۱۹۴۱ء	جمادی الاوّل۱۳۶۰ھ	ص۸۰
37	○ جلد۷ شمارہ۱	جولائی۱۹۴۱ء	جمادی الآخر۱۳۶۰ھ	ص۸۰
38	جلد۷ شمارہ۲	اگست۱۹۴۱ء	رجب۱۳۶۰ھ	ص۸۰
39	جلد۷ شمارہ۳	ستمبر۱۹۴۱ء	شعبان۱۳۶۰ھ	ص۸۰
40	جلد۷ شمارہ۴	اکتوبر۱۹۴۱ء	رمضان۱۳۶۰ھ	ص۸۰
41	جلد۷ شمارہ۵	نومبر۱۹۴۱ء	شوال۱۳۶۰ھ	ص۸۰
42	جلد۷ شمارہ۶	دسمبر۱۹۴۱ء	ذی القعدہ۱۳۶۰	ص۸۰
43	○ جلد۸ شمارہ۱	☆ جنوری۱۹۴۲ء	ذی الحجہ۱۳۶۰ھ	ص۸۰
44	جلد۸ شمارہ۲	فروری۱۹۴۲ء	☆ محرم الحرام۱۳۶۱ھ	ص۸۰
45	جلد۸ شمارہ۳	مارچ۱۹۴۲ء	صفر۱۳۶۱ھ	ص۸۰
46	جلد۸ شمارہ۴	اپریل۱۹۴۲ء	ربیع الاوّل۱۳۶۱ھ	ص۸۰
47	جلد۸ شمارہ۵	مئی۱۹۴۲ء	ربیع الآخر۱۳۶۱ھ	ص۸۰
48	جلد۸ شمارہ۶	جون۱۹۴۲ء	جمادی الاوّل۱۳۶۱ھ	ص۸۰
49	○ جلد۹ شمارہ۱	جولائی۱۹۴۲ء	جمادی الآخر۱۳۶۱ھ	ص۸۰
50	جلد۹ شمارہ۲	اگست۱۹۴۲ء	رجب۱۳۶۱ھ	ص۸۰
51	جلد۹ شمارہ۳	ستمبر۱۹۴۲ء	شعبان۱۳۶۱ھ	ص۸۰

52	جلد۹ شمارہ۴	اکتوبر۱۹۴۲ء	رمضان۱۳۶۱ھ	ص۸۰
53	جلد۹ شمارہ۵	نومبر۱۹۴۲ء	شوال۱۳۶۱ھ	ص۸۰
54	جلد۹ شمارہ۶	دسمبر۱۹۴۲ء	ذی القعدہ۱۳۶۱ھ	ص۸۰
55	○ جلد۱۰ شمارہ۱	☆ جنوری۱۹۴۳ء	ذی الحجہ۱۳۶۱ھ	ص۸۰
56	جلد۱۰ شمارہ۲	فروری۱۹۴۳ء	☆ محرم الحرام۱۳۶۲ھ	ص۸۰
57	جلد۱۰ شمارہ۳	مارچ۱۹۴۳ء	صفر+ربیع الاول۱۳۶۲ھ	ص۸۰
58	جلد۱۰ شمارہ۴	اپریل۱۹۴۳ء	ربیع الآخر۱۳۶۲ھ	ص۸۰
59	جلد۱۰ شمارہ۵	مئی۱۹۴۳ء	جمادی اولیٰ۱۳۶۲ھ	ص۸۰
60	جلد۱۰ شمارہ۶	جون۱۹۴۳ء	جمادی الآخر۱۳۶۲ھ	ص۸۰
61	○ جلد۱۱ شمارہ۱	جولائی۱۹۴۳ء	رجب۱۳۶۲ھ	ص۸۰
62	جلد۱۱ شمارہ۲	اگست۱۹۴۳ء	شعبان۱۳۶۲ھ	ص۸۰
63	جلد۱۱ شمارہ۳	ستمبر۱۹۴۳ء	رمضان۱۳۶۲ھ	ص۸۰
64	جلد۱۱ شمارہ۴	اکتوبر۱۹۴۳ء	شوال۱۳۶۲ھ	ص۸۰
65	جلد۱۱ شمارہ۵	نومبر۱۹۴۳ء	ذی القعدہ۱۳۶۲ھ	ص۸۰
66	جلد۱۱ شمارہ۶	دسمبر۱۹۴۳ء	ذی الحجہ۱۳۶۲ھ	ص۸۰
67	○ جلد۱۲ شمارہ۱	☆ جنوری۱۹۴۴ء	☆ محرم الحرام۱۳۶۳ھ	ص۸۰
68	جلد۱۲ شمارہ۲	فروری۱۹۴۴ء	صفر۱۳۶۳ھ	ص۴۴
69	جلد۱۲ شمارہ۳	مارچ۱۹۴۴ء	ربیع الاول۱۳۶۳ھ	ص۸۰
70	جلد۱۲ شمارہ۵	مئی۱۹۴۴ء	جمادی الاول۱۳۶۳ھ	ص۸۰
71	جلد۱۲ شمارہ۶	جون۱۹۴۴ء	جمادی الآخر۱۳۶۳ھ	ص۶۴
72	○ جلد۱۳ شمارہ۱	جولائی۱۹۴۴ء	رجب۱۳۶۳ھ	ص۸۰
73	جلد۱۳ شمارہ۲	اگست۱۹۴۴ء	شعبان۱۳۶۳ھ	ص۴۴
74	جلد۱۳ شمارہ۳	ستمبر۱۹۴۴ء	رمضان۱۳۶۳ھ	ص۴۴
75	جلد۱۳ شمارہ۴	اکتوبر۱۹۴۴ء	جمادی اولیٰ۱۳۶۳ھ	ص۴۴
76	جلد۱۳ شمارہ۵	نومبر۱۹۴۴ء	ذی القعدہ۱۳۶۳ھ	ص۴۴
77	جلد۱۳ شمارہ۶	دسمبر۱۹۴۴ء	ذی الحجہ۱۳۶۳ھ	ص۶۴
78	○ جلد۱۴ شمارہ۱	☆ جنوری۱۹۴۵ء	☆ محرم الحرام۱۳۶۴ھ	ص۶۴
79	جلد۱۴ شمارہ۲	فروری۱۹۴۵ء	صفر۱۳۶۴ھ	ص۶۴

80	جلد ۱۴ شمارہ ۳	مارچ ۱۹۴۵ء	ربیع الاول ۱۳۶۴ھ	ص ۶۴
81	جلد ۱۴ شمارہ ۴	اپریل ۱۹۴۵ء	ربیع الآخر ۱۳۶۴ھ	ص ۶۴
82	جلد ۱۴ شمارہ ۵	مئی ۱۹۴۵ء	جمادی اولیٰ ۱۳۶۴ھ	ص ۶۴
83	جلد ۱۴ شمارہ ۶	جون ۱۹۴۵ء	جمادی الآخر ۱۳۶۴ھ	ص ۶۴
84	○ جلد ۱۵ شمارہ ۱	جولائی ۱۹۴۵ء	رجب ۱۳۶۴ھ	ص ۶۴
85	جلد ۱۵ شمارہ ۲	اگست ۱۹۴۵ء	شعبان ۱۳۶۴ھ	ص ۶۴
86	جلد ۱۵ شمارہ ۳	ستمبر ۱۹۴۵ء	رمضان ۱۳۶۴ھ	ص ۶۴
87	جلد ۱۵ شمارہ ۴	اکتوبر ۱۹۴۵ء	شوال ۱۳۶۴ھ	ص ۶۴
88	جلد ۱۵ شمارہ ۵	نومبر ۱۹۴۵ء	ذی الحجہ ۱۳۶۴ھ	ص ۶۴
89	جلد ۱۵ شمارہ ۶	دسمبر ۱۹۴۵ء	ذی الحجہ ۶۴ + ☆ محرم الحرام ۱۳۶۵ھ	ص ۶۴
90	○ جلد ۱۶ شمارہ ۱	☆ جنوری ۱۹۴۶ء	صفر ۱۳۶۵ھ	ص ۶۴
91	جلد ۱۶ شمارہ ۲	فروری ۱۹۴۶ء	ربیع الاول ۱۳۶۵ھ	ص ۶۴
92	جلد ۱۶ شمارہ ۳	مارچ ۱۹۴۶ء	ربیع الآخر ۱۳۶۵ھ	ص ۶۴
93	جلد ۱۶ شمارہ ۴	اپریل ۱۹۴۶ء	جمادی الاول ۱۳۶۵ھ	ص ۶۴
94	جلد ۱۶ شمارہ ۵	مئی ۱۹۴۶ء	جمادی الآخر ۱۳۶۵ھ	ص ۶۴
95	جلد ۱۶ شمارہ ۶	جون ۱۹۴۶ء	رجب المرجب ۱۳۶۵ھ	ص ۶۴
96	○ جلد ۱۷ شمارہ ۱	جولائی ۱۹۴۶ء	شعبان ۱۳۶۵ھ	ص ۶۴
97	جلد ۱۷ شمارہ ۲	اگست ۱۹۴۶ء	رمضان ۱۳۶۵ھ	ص ۶۴
98	جلد ۱۷ شمارہ ۳	ستمبر ۱۹۴۶ء	شوال ۱۳۶۵ھ	ص ۶۴
99	جلد ۱۷ شمارہ ۴	اکتوبر ۱۹۴۶ء	ذی القعدہ ۱۳۶۵ھ	ص ۶۴
100	جلد ۱۷ شمارہ ۵	نومبر ۱۹۴۶ء	ذی الحجہ ۱۳۶۵ھ	ص ۶۴
101	جلد ۱۷ شمارہ ۶	دسمبر ۱۹۴۶ء	☆ محرم الحرام ۱۳۶۶ھ	ص ۶۴
102	○ جلد ۱۸ شمارہ ۱	☆ جنوری ۱۹۴۷ء	صفر ۱۳۶۶ھ	ص ۶۴
103	جلد ۱۸ شمارہ ۲	فروری ۱۹۴۷ء	ربیع الاول ۱۳۶۶ھ	ص ۶۴
104	جلد ۱۸ شمارہ ۳	مارچ ۱۹۴۷ء	ربیع الآخر ۱۳۶۶ھ	ص ۶۴
105	جلد ۱۸ شمارہ ۴	اپریل ۱۹۴۷ء	جمادی الاول ۱۳۶۶ھ	ص ۶۴
106	جلد ۱۸ شمارہ ۵	مئی ۱۹۴۷ء	جمادی الآخر ۱۳۶۶ھ	ص ۶۴
107	جلد ۱۸ شمارہ ۶	جون ۱۹۴۷ء	رجب ۱۳۶۶ھ	ص ۶۴

108	○ جلد۱۹شمارہ۱	جولائی۱۹۴۷ء	شعبان۱۳۶۶ھ	ص۶۴
109	جلد۱۹شمارہ۲	اگست۱۹۴۷ء	رمضان۱۳۶۶ھ	ص۶۴
110	○ جلد۲۱شمارہ۱+۲	☆ جنوری+فروری۱۹۴۸ء	ربیع الاول+ربیع الآخر۱۳۶۷ھ	ص۶۴
111	جلد۲۱شمارہ۳	مارچ۱۹۴۸ء	ربیع الآخر۱۳۶۷ھ	ص۶۴
112	جلد۲۱شمارہ۴	اپریل۱۹۴۸ء	جمادی الاول۱۳۶۷ھ	ص۶۴
113	جلد۲۱شمارہ۵	مئی۱۹۴۸ء	جمادی الآخر۱۳۶۷ھ	ص۶۴
114	جلد۲۱شمارہ۶	جون۱۹۴۸ء	رجب۱۳۶۷ھ	ص۶۴
115	○ جلد۲۲شمارہ۱	جولائی۱۹۴۸ء	شعبان۱۳۶۷ھ	ص۶۴
116	جلد۲۲شمارہ۲	اگست۱۹۴۸ء	رمضان۱۳۶۷ھ	ص۶۴
117	جلد۲۲شمارہ۳	ستمبر۱۹۴۸ء	ذی القعدہ۱۳۶۷ھ	ص۶۴
118	جلد۲۲شمارہ۴	اکتوبر۱۹۴۸ء	ذی الحجہ۱۳۶۷ھ	ص۶۴
119	جلد۲۲شمارہ۵	نومبر۱۹۴۸ء	☆ محرم الحرام۱۳۶۸ھ	ص۶۴
120	جلد۲۲شمارہ۶	دسمبر۱۹۴۸ء	صفر۱۳۶۸ھ	ص۶۴
121	○ جلد۲۳شمارہ۱	☆ جنوری۱۹۴۹ء	ربیع الاول۱۳۶۸ھ	ص۶۴
122	جلد۲۳شمارہ۲	فروری۱۹۴۹ء	ربیع الآخر۱۳۶۸ھ	ص۶۴
123	جلد۲۳شمارہ۳	مارچ۱۹۴۹ء	جمادی الاول۱۳۶۸ھ	ص۶۴
124	جلد۲۳شمارہ۴	اپریل۱۹۴۹ء	جمادی الآخر۱۳۶۸ھ	ص۵۶
125	جلد۲۳شمارہ۵	مئی۱۹۴۹ء	رجب۱۳۶۸ھ	ص۶۴
126	جلد۲۳شمارہ۶	جون۱۹۴۹ء	شعبان۱۳۶۸ھ	ص۶۴
127	○ جلد۲۴شمارہ۱	جولائی۱۹۴۹ء	رمضان۱۳۶۸ھ	ص۶۴
128	جلد۲۴شمارہ۲	اگست۱۹۴۹ء	شوال۱۳۶۸ھ	ص۶۴
129	جلد۲۴شمارہ۳	ستمبر۱۹۴۹ء	ذی القعدہ۱۳۶۸ھ	ص۶۴
130	جلد۲۴شمارہ۴	اکتوبر۱۹۴۹ء	ذی الحجہ۱۳۶۸ھ	ص۶۴
131	جلد۲۴شمارہ۵	نومبر۱۹۴۹ء	☆ محرم الحرام۱۳۶۹ھ	ص۶۴
132	جلد۲۴شمارہ۶	دسمبر۱۹۴۹ء	صفر۱۳۶۹ھ	ص۶۴
133	○ جلد۲۵شمارہ۱	☆ جنوری۱۹۵۰ء	ربیع الاول۱۳۶۹ھ	ص۶۴
134	جلد۲۵شمارہ۲	فروری۱۹۵۰ء	ربیع الآخر۱۳۶۹ھ	ص۶۴
135	جلد۲۵شمارہ۳	مارچ۱۹۵۰ء	جمادی الاول۱۳۶۹ھ	ص۶۴

136	جلد ۲۵ شمارہ ۴	اپریل ۱۹۵۰ء	جمادی الآخر ۱۳۶۹ھ	ص ۶۴
137	جلد ۲۵ شمارہ ۵	مئی ۱۹۵۰ء	رجب ۱۳۶۹ھ	ص ۶۴
138	جلد ۲۵ شمارہ ۶	جون ۱۹۵۰ء	شعبان ۱۳۶۹ھ	ص ۶۴
139	○ جلد ۲۶ شمارہ ۱	جولائی ۱۹۵۰ء	رمضان ۱۳۶۹ھ	ص ۶۴
140	جلد ۲۶ شمارہ ۲	اگست ۱۹۵۰ء	شوال ۱۳۶۹ھ	ص ۶۴
141	جلد ۲۶ شمارہ ۳	ستمبر ۱۹۵۰ء	ذی القعدہ ۱۳۶۹ھ	ص ۶۴
142	جلد ۲۶ شمارہ ۴	اکتوبر ۱۹۵۰ء	ذی الحجہ + ☆ محرم الحرام ۱۳۷۰ھ	ص ۶۴
143	جلد ۲۶ شمارہ ۵	نومبر ۱۹۵۰ء	صفر ۱۳۶۹ھ	ص ۶۴
144	جلد ۲۶ شمارہ ۶	دسمبر ۱۹۵۰ء	ربیع الاول ۱۳۶۹ھ	ص ۶۴
145	○ جلد ۲۶ شمارہ ۱	☆ جنوری ۱۹۵۱ء	ربیع الآخر ۱۳۷۰ھ	ص ۶۴
146	جلد ۲۶ شمارہ ۲	فروری ۱۹۵۱ء	جمادی الاول ۱۳۷۰ھ	ص ۶۴
147	جلد ۲۶ شمارہ ۳	مارچ ۱۹۵۱ء	جمادی الآخر ۱۳۷۰ھ	ص ۶۴
148	جلد ۲۶ شمارہ ۴	اپریل ۱۹۵۱ء	رجب المرجب ۱۳۷۰ھ	ص ۶۴
149	جلد ۲۶ شمارہ ۵	مئی ۱۹۵۱ء	شعبان ۱۳۷۰ھ	ص ۶۴
150	جلد ۲۶ شمارہ ۶	جون ۱۹۵۱ء	رمضان ۱۳۷۰ھ	ص ۶۴
151	○ جلد ۲۷ شمارہ ۱	جولائی ۱۹۵۱ء	شوال ۱۳۷۰ھ	ص ۶۴
152	جلد ۲۷ شمارہ ۲	اگست ۱۹۵۱ء	ذی القعدہ ۱۳۷۰ھ	ص ۶۴
153	جلد ۲۷ شمارہ ۳	ستمبر ۱۹۵۱ء	ذی الحجہ ۱۳۷۰ھ	ص ۶۴
154	جلد ۲۷ شمارہ ۴	اکتوبر ۱۹۵۱ء	☆ محرم الحرام ۱۳۷۱ھ	ص ۶۴
155	جلد ۲۷ شمارہ ۵	نومبر ۱۹۵۱ء	صفر ۱۳۷۱ھ	ص ۶۴
156	جلد ۲۷ شمارہ ۶	دسمبر ۱۹۵۱ء	ربیع الاول ۱۳۷۱ھ	ص ۶۴
157	○ جلد ۲۸ شمارہ ۱	☆ جنوری ۱۹۵۲ء	ربیع الآخر ۱۳۷۱ھ	ص ۶۴
158	جلد ۲۸ شمارہ ۲	فروری ۱۹۵۲ء	جمادی الاول ۱۳۷۱ھ	ص ۶۴
159	جلد ۲۸ شمارہ ۳	مارچ ۱۹۵۲ء	جمادی الآخر ۱۳۷۱ھ	ص ۶۴
160	جلد ۲۸ شمارہ ۴	اپریل ۱۹۵۲ء	رجب ۱۳۷۱ھ	ص ۶۴
161	جلد ۲۸ شمارہ ۵	مئی ۱۹۵۲ء	شعبان ۱۳۷۱ھ	ص ۶۴
162	جلد ۲۸ شمارہ ۶	جون ۱۹۵۲ء	رمضان ۱۳۷۱ھ	ص ۶۴
163	○ جلد ۲۹ شمارہ ۱	جولائی ۱۹۵۲ء	شوال ۱۳۷۱ھ	ص ۶۴

164	جلد۲۹ شمارہ۲	اگست۱۹۵۲ء	ذی القعدہ۱۳۷۱ھ	ص۶۴
165	جلد۲۹ شمارہ۳	ستمبر۱۹۵۲ء	ذی الحجہ۱۳۷۱ھ	ص۶۴
166	جلد۲۹ شمارہ۴	اکتوبر۱۹۵۲ء	☆ محرم الحرام۱۳۷۲ھ	ص۶۴
167	جلد۲۹ شمارہ۵	نومبر۱۹۵۲ء	صفر۱۳۷۲ھ	ص۶۴
168	جلد۲۹ شمارہ۶	دسمبر۱۹۵۲ء	ربیع الاول۱۳۷۲ھ	ص۶۴
169	○ جلد۳۰ شمارہ۱	☆ جنوری۱۹۵۳ء	ربیع الآخر۱۳۷۲ھ	ص۶۴
170	جلد۳۰ شمارہ۲	فروری۱۹۵۳ء	جمادی الاول۱۳۷۲ھ	ص۶۴
171	جلد۳۰ شمارہ۳	مارچ۱۹۵۳ء	جمادی الآخر۱۳۷۲ھ	ص۶۴
172	جلد۳۰ شمارہ۴	اپریل۱۹۵۳ء	رجب۱۳۷۲ھ	ص۶۴
173	جلد۳۰ شمارہ۵	مئی۱۹۵۳ء	شعبان المعظم۱۳۷۲ھ	ص۶۴
174	جلد۳۰ شمارہ۶	جون۱۹۵۳ء	رمضان+شوال۱۳۷۲ھ	ص۶۴
175	○ جلد۳۱ شمارہ۱	جولائی۱۹۵۳ء	ذی القعدہ۱۳۷۲ھ	ص۶۴
176	جلد۳۱ شمارہ۲	اگست۱۹۵۳ء	ذی الحجہ۱۳۷۲ھ	ص۶۴
177	جلد۳۱ شمارہ۳	ستمبر۱۹۵۳ء	☆ محرم الحرام۱۳۷۳ھ	ص۶۴
178	جلد۳۱ شمارہ۴	اکتوبر۱۹۵۳ء	صفر۱۳۷۳ھ	ص۶۴
179	جلد۳۱ شمارہ۵	نومبر۱۹۵۳ء	ربیع الاول۱۳۷۳ھ	ص۶۴
180	جلد۳۱ شمارہ۶	دسمبر۱۹۵۳ء	ربیع الآخر۱۳۷۳ھ	ص۶۴
181	○ جلد۳۲ شمارہ۱	☆ جنوری۱۹۵۴ء	جمادی الاول۱۳۷۳ھ	ص۶۴
182	جلد۳۲ شمارہ۲	فروری۱۹۵۴ء	جمادی الآخر۱۳۷۳ھ	ص۶۴
183	جلد۳۲ شمارہ۳	مارچ۱۹۵۴ء	رجب۱۳۷۳ھ	ص۶۴
184	جلد۳۲ شمارہ۴	اپریل۱۹۵۴ء	شعبان۱۳۷۳ھ	ص۶۴
185	جلد۳۲ شمارہ۵	مئی۱۹۵۴ء	رمضان۱۳۷۳ھ	ص۶۴
186	جلد۳۲ شمارہ۶	جون۱۹۵۴ء	شوال۱۳۷۳ھ	ص۶۴
187	○ جلد۳۳ شمارہ۱	جولائی۱۹۵۴ء	ذی القعدہ۱۳۷۳ھ	ص۶۴
188	جلد۳۳ شمارہ۲	اگست۱۹۵۴ء	ذی الحجہ۱۳۷۳ھ	ص۶۴
189	جلد۳۳ شمارہ۳	ستمبر۱۹۵۴ء	☆ محرم الحرام۱۳۷۴ھ	ص۶۴
190	جلد۳۳ شمارہ۴	اکتوبر۱۹۵۴ء	صفر۱۳۷۴ھ	ص۶۴
191	جلد۳۳ شمارہ۵	نومبر۱۹۵۴ء	ربیع الاول۱۳۷۴ھ	ص۶۴

192	جلد ۳۳ شمارہ ۶	دسمبر ۱۹۵۴ء	ربیع الآخر ۱۳۷۴ھ	ص ۶۴
193	○ جلد ۳۴ شمارہ ۱	☆ جنوری ۱۹۵۵ء	جمادی الاول ۱۳۷۴ھ	ص ۶۴
194	جلد ۳۴ شمارہ ۲	فروری ۱۹۵۵ء	جمادی الآخر ۱۳۷۴ھ	ص ۶۴
195	جلد ۳۴ شمارہ ۳	مارچ ۱۹۵۵ء	رجب ۱۳۷۴ھ	ص ۶۴
